# سُورَةُ الأَنبيَاءِ

۲۱ | ۱۱۲

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الجزء ۱۷
الحزب ۳۳

ٱقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمۡ وَهُمۡ فِي غَفۡلَةٖ مُّعۡرِضُونَ ۝١
قریب آگیا | لوگوں کے لئے | حساب ان کا | اور وہ | میں | غفلت | منہ موڑے ہوئے ہیں | 21:1

مَا يَأۡتِيهِم مِّن ذِكۡرٖ مِّن رَّبِّهِم مُّحۡدَثٍ إِلَّا ٱسۡتَمَعُوهُ وَهُمۡ
نہیں | آتا ان کے پاس | کوئی | ذکر- نصیحت | طرف سے | ان کے رب کی | نیا- نئی | مگر | وہ سنتے ہیں اس کو | اور وہ

يَلۡعَبُونَ ۝٢ لَاهِيَةٗ قُلُوبُهُمۡۗ وَأَسَرُّواْ ٱلنَّجۡوَى ٱلَّذِينَ
کھیل رہے ہوتے ہیں | 21:2 | غافل ہیں | دل ان کے | اور انہوں نے چھپائی | سرگوشی | وہ لوگ

ظَلَمُواْ هَلۡ هَٰذَآ إِلَّا بَشَرٞ مِّثۡلُكُمۡۖ أَفَتَأۡتُونَ ٱلسِّحۡرَ وَأَنتُمۡ
جنہوں نے ظلم کیا | نہیں | یہ | مگر | ایک انسان ہے | تمہاری طرح کا | کیا بھلا تم آتے ہو | جادو کو | اور تم

تُبۡصِرُونَ ۝٣ قَالَ رَبِّي يَعۡلَمُ ٱلۡقَوۡلَ فِي ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِۖ
تم دیکھتے ہو | 21:3 | کہا | میرا رب | جانتا ہے | بات کو | میں | آسمان | اور زمین میں

وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ ۝٤ بَلۡ قَالُوٓاْ أَضۡغَٰثُ أَحۡلَٰمِۭ بَلِ
اور وہ | سننے والا، | جاننے والا ہے | 21:4 | بلکہ | انہوں نے کہا | پریشان | خواب ہیں- خیال ہیں | بلکہ

ٱفۡتَرَىٰهُ بَلۡ هُوَ شَاعِرٞ فَلۡيَأۡتِنَا بِـَٔايَةٖ كَمَآ أُرۡسِلَ ٱلۡأَوَّلُونَ
اس نے گھڑ لیا ہے اس کو | بلکہ | وہ | شاعر ہے | پس چاہئے کہ لائے ہمارے پاس | کوئی نشانی | جیسا کہ | بھیجے گئے | پہلے لوگ

۝٥ مَآ ءَامَنَتۡ قَبۡلَهُم مِّن قَرۡيَةٍ أَهۡلَكۡنَٰهَآۖ أَفَهُمۡ يُؤۡمِنُونَ
21:5 | نہیں | ایمان لائی | ان سے پہلے | کوئی | بستی | ہلاک کردیا ہم نے اس کو | کیا بھلا وہ | ایمان لائیں گے ؟

۝٦ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ إِلَّا رِجَالٗا نُّوحِيٓ إِلَيۡهِمۡۖ فَسۡـَٔلُوٓاْ أَهۡلَ
21:6 | اور نہیں | بھیجا ہم نے | آپ سے پہلے | مگر | مردوں کو | ہم وحی کیا کرتے تھے | ان کی طرف | پس پوچھ لو | والوں سے

ٱلذِّكۡرِ إِن كُنتُمۡ لَا تَعۡلَمُونَ ۝٧ وَمَا جَعَلۡنَٰهُمۡ جَسَدٗا
کتاب- علم | اگر | ہو تم | نہیں | تم جانتے | 21:7 | اور نہیں | بنائے ہم نے ان کے | ایسے جسم

لَّا يَأۡكُلُونَ ٱلطَّعَامَ وَمَا كَانُواْ خَٰلِدِينَ ۝٨ ثُمَّ صَدَقۡنَٰهُمُ
کہ نہ | کھاتے ہوں | کھانا | اور نہ | تھے وہ | ہمیشہ رہنے والے | 21:8 | پھر | سچ کردیا ہم نے ان سے

ٱلۡوَعۡدَ فَأَنجَيۡنَٰهُمۡ وَمَن نَّشَآءُ وَأَهۡلَكۡنَا ٱلۡمُسۡرِفِينَ ۝٩
وعدہ | پس نجات دی ہم نے ان کو | اور جسے | ہم نے چاہا | اور ہلاک کردیا ہم نے | حد سے بڑھنے والوں کو | 21:9

لَقَدۡ أَنزَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ كِتَٰبٗا فِيهِ ذِكۡرُكُمۡۚ أَفَلَا تَعۡقِلُونَ ۝١٠
البتہ تحقیق نازل کی ہم نے- اتاری ہم نے | تمہاری طرف | ایک کتاب | اس میں | ذکر ہے تمہارا | کیا پھر نہیں | تم عقل سے کام لو گے | 21:10

## پارہ ۱۷

سورۃ الانبیاء
مکہ
سورہ نمبر: ۲۱ آیات: ۱۱۲

۱. لوگوں کے حساب کا وقت قریب آگیا پھر بھی وہ بے خبری میں منہ پھیرے ہوئے ہیں

۲. ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو بھی نئی نئی نصیحت آتی ہے اسے وہ کھیل کود میں ہی سنتے ہیں

۳. ان کے دل بالکل غافل ہیں اور ان ظالموں نے چپکے چپکے سرگوشیاں کیں کہ وہ تم ہی جیسا انسان ہے پھر کیا وجہ ہے جو تم آنکھوں دیکھتے جادو میں آجاتے ہو

٤. پیغمبر نے کہا میرا پروردگار ہر اس بات کو جو زمین و آسمان میں ہے بخوبی جانتا ہے، وہ بہت ہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

۵. اتنا ہی نہیں بلکہ یہ کہتے ہیں کہ یہ قرآن حیران کن خوابوں کا مجموعہ ہے بلکہ اس نے از خود اسے گھڑ لیا بلکہ یہ شاعر ہے، ورنہ ہمارے سامنے یہ کوئی ایسی نشانی لاتے جیسے اگلے پیغمبر بھیجے گئے تھے۔

٦. ان سے پہلے جتنی بستیاں ہم نے اجاڑیں سب ایمان سے خالی تھیں۔ تو کیا اب یہ ایمان لائیں گے

۷. تجھ سے پہلے بھی جتنے پیغمبر ہم نے بھیجے سبھی مرد تھے جن کی طرف ہم وحی اتارتے تھے پس تم اہل کتاب سے (علم والوں سے) پوچھ لو اگر خود تمہیں علم نہ ہو

۸. ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھائیں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے۔

۹. پھر ہم نے ان سے کئے ہوئے وعدے سچے کئے انہیں اور جن جن کو ہم نے چاہا نجات عطا فرمائی اور حد سے نکل جانے والوں کو غارت کر دیا۔

۱۰. یقیناً ہم نے تمہاری جانب کتاب نازل فرمائی ہے جس میں تمہارے لئے ذکر کیا پھر بھی تم عقل نہیں رکھتے

وَكَمۡ قَصَمۡنَا مِن قَرۡيَةٖ كَانَتۡ ظَالِمَةٗ وَأَنشَأۡنَا بَعۡدَهَا قَوۡمًا
اور کتنی ہی | ہلاک کیں ہم نے | میں سے | بستیوں | جو تھیں | ظالم | اور اٹھایا ہم نے | اس کے بعد | قوموں کو

ءَاخَرِينَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ أَحَسُّواْ بَأۡسَنَآ إِذَا هُم مِّنۡهَا يَرۡكُضُونَ ﴿١٢﴾
دوسری | ۲۱:۱۱ | تو جب | انہیں محسوس ہوا | عذاب ہمارا | اچانک | وہ | اس سے | دوڑتے تھے | ۲۱:۱۲

لَا تَرۡكُضُواْ وَٱرۡجِعُوٓاْ إِلَىٰ مَآ أُتۡرِفۡتُمۡ فِيهِ وَمَسَٰكِنِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ
نہ | دوڑو | اور لوٹ آؤ | طرف | اس کے جو | آرام دیئے گئے تم | اس میں | اور اپنے گھروں میں | تاکہ تم

تُسۡـَٔلُونَ ﴿١٣﴾ قَالُواْ يَٰوَيۡلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظَٰلِمِينَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَت تِّلۡكَ
تم پوچھے جاؤ | ۲۱:۱۳ | انہوں نے کہا | ہائے افسوس ہم پر | بیشک ہم | تھے ہم | ظالم لوگ | ۲۱:۱۴ | پس مسلسل رہی | یہی

دَعۡوَىٰهُمۡ حَتَّىٰ جَعَلۡنَٰهُمۡ حَصِيدًا خَٰمِدِينَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقۡنَا
پکار ان کی | یہاں تک کہ | بنادیا ہم نے ان کو | کٹی ہوئی فصل | بجھی ہوئی آگ | ۲۱:۱۵ | اور نہیں | پیدا کیا ہم نے

ٱلسَّمَآءَ وَٱلۡأَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا لَٰعِبِينَ ﴿١٦﴾ لَوۡ أَرَدۡنَآ أَن نَّتَّخِذَ
آسمان کو | اور زمین کو | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | کھیلنے والے | ۲۱:۱۶ | اگر | ہم چاہتے | کہ | ہم بنا لیں

لَهۡوٗا لَّٱتَّخَذۡنَٰهُ مِن لَّدُنَّآ إِن كُنَّا فَٰعِلِينَ ﴿١٧﴾ بَلۡ نَقۡذِفُ بِٱلۡحَقِّ
تماشا - کھیل | البتہ بنا لیتے ہم اس کو | سے | اپنے پاس ہی | اگر | ہوتے ہم | کرنے والے | ۲۱:۱۷ | بلکہ | ہم پھینکتے ہیں | حق کو

عَلَى ٱلۡبَٰطِلِ فَيَدۡمَغُهُۥ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٞۚ وَلَكُمُ ٱلۡوَيۡلُ مِمَّا تَصِفُونَ
پر | باطل | پس وہ سر توڑ دیتا ہے اس کا | تو دفعتاً | وہ | فنا ہونے لگتا ہے | اور تمہارے لئے | ہلاکت ہے | اس سے جو | تم بیان کرتے ہو

﴿١٨﴾ وَلَهُۥ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ وَمَنۡ عِندَهُۥ لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ
۲۱:۱۸ | اور اسی کے لئے ہے | جو | میں ہے | آسمانوں | اور زمین میں ہے | اور جو | اس کے پاس ہے | نہیں | تکبر کرتے

عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَلَا يَسۡتَحۡسِرُونَ ﴿١٩﴾ يُسَبِّحُونَ ٱلَّيۡلَ وَٱلنَّهَارَ
سے | اس کی عبادت | اور نہ | وہ اکتاتے ہیں - تھکتے ہیں | ۲۱:۱۹ | وہ تسبیح کر رہے ہیں | رات | اور دن

لَا يَفۡتُرُونَ ﴿٢٠﴾ أَمِ ٱتَّخَذُوٓاْ ءَالِهَةٗ مِّنَ ٱلۡأَرۡضِ هُمۡ يُنشِرُونَ ﴿٢١﴾
نہیں | دم لیتے | ۲۱:۲۰ | کیا | انہوں نے بنائے ہوئے ہیں | کچھ الہ | سے | زمین | وہ | پھیلاتے ہیں - پیدا کرتے ہیں | ۲۱:۲۱

لَوۡ كَانَ فِيهِمَآ ءَالِهَةٌ إِلَّا ٱللَّهُ لَفَسَدَتَاۚ فَسُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ رَبِّ ٱلۡعَرۡشِ
اگر | ہوتے | ان میں | کچھ الہ | سوائے | اللہ کے | البتہ دونوں کا انتظام بگڑ جاتا - دونوں بگڑ جاتے | پس پاک ہے | اللہ | رب | عرش کا

عَمَّا يَصِفُونَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسۡـَٔلُ عَمَّا يَفۡعَلُ وَهُمۡ يُسۡـَٔلُونَ ﴿٢٣﴾ أَمِ ٱتَّخَذُواْ
اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | ۲۱:۲۲ | نہیں | پوچھا جاتا اس سے | اس کے بارے میں | جو وہ کرتا ہے | اور وہ | پوچھے جائیں گے | ۲۱:۲۳ | یا | انہوں نے بنا لئے

مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةٗۖ قُلۡ هَاتُواْ بُرۡهَٰنَكُمۡۖ هَٰذَا ذِكۡرُ مَن مَّعِيَ وَذِكۡرُ
* | اس کے سوا | کچھ الہ | کہہ دیجئے | لاؤ | اپنی دلیل | یہ | نصیحت ہے | اس کے لئے | جو میرے ساتھ ہے | اور ذکر ہے

مَن قَبۡلِيۗ بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ ٱلۡحَقَّۖ فَهُم مُّعۡرِضُونَ ﴿٢٤﴾
ان کا بھی | جو مجھ سے پہلے تھے | بلکہ | اکثر ان میں سے | نہیں | علم رکھتے | حق کا | تو وہ | اعراض برتنے والے ہیں | ۲۱:۲۴

**۱۱.** اور بہت سی بستیاں ہم نے تباہ کر دیں جو ظالم تھیں اور ان کے بعد ہم نے دوسری قوم کو پیدا کر دیا۔

**۱۲.** جب انہوں نے ہمارے عذاب کا احساس کر لیا تو لگے اس سے بھاگنے

**۱۳.** بھاگ دوڑ نہ کرو اور جہاں تمہیں آسودگی دی گئی تھی وہیں واپس لوٹو اور اپنے مکانات کی طرف جاؤ تاکہ تم سے سوال تو کر لیا جائے

**۱۴.** کہنے لگے ہائے ہماری خرابی! بیشک ہم ظالم تھے۔

**۱۵.** پھر تو ان کا یہی قول رہا یہاں تک کہ ہم نے انہیں جڑ سے کٹی ہوئی کھیتی جو بجی پڑی اگ کی طرح کر دیا

**۱۶.** ہم نے آسمان و زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو کھیلتے ہوئے نہیں بنایا

**۱۷.** اگر ہم یوں ہی کھیل تماشے کا ارادہ کرتے تو اسے اپنے پاس سے ہی بنا لیتے، اگر ہم کرنے والے ہی ہوتے۔

**۱۸.** بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر پھینک مارتے ہیں پس سچ جھوٹ کا سر توڑ دیتا ہے اور وہ اسی وقت نابود ہو جاتا ہے، تم جو باتیں بناتے ہو وہ تمہارے لئے باعث خرابی ہیں۔

**۱۹.** آسمانوں اور زمین میں جو ہے اسی اللہ کا ہے، اور جو اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ سرکشی کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں۔

**۲۰.** وہ دن رات تسبیح بیان کرتے ہیں اور ذرا سی بھی سستی نہیں کرتے۔

**۲۱.** کیا ان لوگوں نے زمین (کی مخلوقات میں) سے جنہیں معبود بنا رکھا ہے وہ زندہ کر دیتے ہیں۔

**۲۲.** اگر آسمان و زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور بھی معبود ہوتے تو یہ دونوں درہم برہم ہو جاتے، پس اللہ تعالیٰ عرش کا رب ہے ہر اس وصف سے پاک ہے جو یہ مشرک بیان کرتے ہیں۔

**۲۳.** وہ اپنے کاموں کے لئے (کسی کے آگے) جواب دہ نہیں اور سب (اس کے آگے) جواب دہ ہیں۔

**۲۴.** کیا ان لوگوں نے اللہ کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں، ان سے کہہ دو۔ لاؤ اپنی دلیل پیش کرو۔ یہ ہے میرے ساتھ والوں کی کتاب اور مجھ سے اگلوں کی دلیل، بات یہ ہے کہ ان میں اکثر لوگ حق کو نہیں جانتے اسی وجہ سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔

وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِىٓ إِلَيْهِ أَنَّهُۥ لَآ إِلَـٰهَ
اور نہیں | بھیجا ہم نے | آپ سے پہلے | کسی | رسول کو | مگر | ہم نے وحی بھیجی | اس کی طرف | بیشک وہ | نہیں | کوئی الہ برحق

إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعْبُدُونِ ﴿٢٥﴾ وَقَالُوا۟ ٱتَّخَذَ ٱلرَّحْمَـٰنُ وَلَدًا ۗ سُبْحَـٰنَهُۥ
مگر | میں ہی | پس عبادت کرو میری | ۲۱:۲۵ | اور انہوں نے کہا | بنا لیا | رحمن نے | ایک بیٹا | پاک ہے وہ

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ ﴿٢٦﴾ لَا يَسْبِقُونَهُۥ بِٱلْقَوْلِ وَهُم
بلکہ | (وہ) بندے ہیں، | عزت دئے گئے | ۲۱:۲۶ | نہیں | آگے بڑھتے اس کے | ساتھ بات کے | اور وہ

بِأَمْرِهِۦ يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
اس کے حکم پر | وہ عمل کرتے ہیں | ۲۱:۲۷ | وہ جانتا ہے | اس کو | جو ان کے آگے ہے | اور جو | جو ان کے پیچھے ہے

وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ٱرْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِۦ مُشْفِقُونَ
اور نہیں | وہ شفاعت کریں گے | مگر | واسطے اس کے | وہ راضی ہوجائے (اللہ) | اور وہ | سے | اس کی خشیت | ڈرنے والے ہیں

١/٤ الحزب ٣٣
﴿٢٨﴾ ۞ وَمَن يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّىٓ إِلَـٰهٌ مِّن دُونِهِۦ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ
۲۱:۲۸ | اور جو | کہتا ہے | ان میں سے | بیشک میں | الہ ہوں | اس کے سوا | تو یہ | ہم بدلہ دیں گے اس کو

جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلظَّـٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾ أَوَلَمْ يَرَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟
جہنم (کی شکل میں) | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | ظالموں کو | ۲۱:۲۹ | کیا بھلا نہیں | دیکھا | ان لوگوں نے | جنہوں نے کفر کیا

أَنَّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَـٰهُمَا ۖ وَجَعَلْنَا
بیشک | آسمانوں | اور زمین | وہ دونوں تھے | ملے ہوئے | تو جدا جدا کردیا ہم نے ان کو۔ الگ الگ کردیا ہم نے ان دونوں کو | اور بنایا ہم نے

مِنَ ٱلْمَآءِ كُلَّ شَىْءٍ حَىٍّ ۖ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا فِى ٱلْأَرْضِ
سے | پانی | ہر | چیز کو | زندہ۔ ہر زندہ چیز کو | کیا بھلا نہیں | وہ ایمان لائیں گے | ۲۱:۳۰ | اور بنایا ہم نے | میں | زمین

رَوَٰسِىَ أَن تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ
پہاڑوں کو | کہ | ہل جائے گی | ساتھ ان کے | اور بنائے ہم نے | اس میں | کشادہ | راستے | تاکہ وہ

يَهْتَدُونَ ﴿٣١﴾ وَجَعَلْنَا ٱلسَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا ۖ وَهُمْ عَنْ
ہدایت پائیں۔ راہ پائیں | ۲۱:۳۱ | اور بنایا ہم نے | آسمان کو | ایک چھت | محفوظ | اور وہ | اس کی

ءَايَـٰتِهَا مُعْرِضُونَ ﴿٣٢﴾ وَهُوَ ٱلَّذِى خَلَقَ ٱلَّيْلَ وَٱلنَّهَارَ وَٱلشَّمْسَ
نشانیوں سے | منہ موڑنے والے ہیں | ۲۱:۳۲ | اور وہ | اللہ وہ ذات ہے | اس نے بنایا | رات کو | اور دن کو | اور سورج کو

وَٱلْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِى فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿٣٣﴾ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبْلِكَ
اور چاند کو | سب کے سب | میں | ایک فلک | تیر رہے ہیں | ۲۱:۳۳ | اور نہیں | بنایا ہم نے | کسی انسان کے لئے | آپ سے پہلے

ٱلْخُلْدَ ۖ أَفَإِي۟ن مِّتَّ فَهُمُ ٱلْخَـٰلِدُونَ ﴿٣٤﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ
ہمیشگی کو | کیا پھر اگر | تم فوت ہوگئے | تو وہ | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ۲۱:۳۴ | ہر | نفس | چکھنے والا ہے

ٱلْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُم بِٱلشَّرِّ وَٱلْخَيْرِ فِتْنَةً ۖ وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿٣٥﴾
موت کو | اور ہم آزماتے ہیں تم کو | ساتھ شر کے | اور خیر کے | آزمانا۔ آزمائش کرنا | اور ہماری طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | ۲۱:۳۵

۲۵۔ تجھ سے پہلے بھی جو رسول ہم نے بھیجا اس کی طرف یہی وحی نازل فرمائی کہ میرے سوا کوئی معبود برحق نہیں پس تم سب میری ہی عبادت کرو

۲۶۔ (مشرک لوگ) کہتے ہیں کہ رحمٰن اولاد والا ہے (غلط ہے) اس کی ذات پاک ہے، بلکہ وہ سب اس کے باعزت بندے ہیں۔

۲۷۔ کسی بات میں اللہ پر پیش دستی نہیں کرتے بلکہ اس کے فرمان پر کار بند ہیں۔

۲۸۔ وہ ان کے آگے پیچھے کے تمام امور سے واقف ہے وہ کسی کی بھی سفارش نہیں کرتے بجز ان کے جن سے اللہ خوش ہو وہ خود ہیبت الٰہی سے لرزاں و ترساں ہیں۔

۲۹۔ ان میں سے اگر کوئی بھی کہہ دے کہ اللہ کے سوا میں لائق عبادت تو ہم اسے دوزخ کی سزا دیں، ہم ظالموں کو اس طرح سزا دیتے ہیں۔

۳۰۔ کیا کافر لوگوں نے یہ نہیں دیکھا کہ آسمان وزمین باہم ملے جلے تھے پھر ہم نے انہیں جدا کیا اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا، کیا یہ لوگ پھر بھی ایمان نہیں لاتے۔

۳۱۔ اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنا دئے تاکہ مخلوق کو ہلا نہ سکے، اور ہم نے اس میں کشادہ راہیں بنا دیں تاکہ وہ راستہ حاصل کریں

۳۲۔ آسمان کو مضبوط چھت بھی ہم نے ہی بنایا۔ لیکن لوگ اسکی قدرت کے نمونوں پر دھیان نہیں دھرتے۔

۳۳۔ وہی اللہ ہے جس نے رات اور دن، سورج اور چاند کو پیدا کیا ہے، ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے مدار میں تیرتے پھرتے ہیں۔

۳۴۔ آپ سے پہلے کسی انسان کو بھی ہم نے ہمیشگی نہیں دی، کیا اگر آپ مر گئے تو وہ ہمیشہ کے لئے رہ جائیں گے۔

۳۵۔ ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے۔ ہم بطریق امتحان تم میں سے ہر ایک کو برائی بھلائی میں مبتلا کرتے ہیں اور تم سب ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

وَإِذَا رَءَاكَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا

اور جب | دیکھتے ہیں تجھ کو | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | نہیں | وہ بناتے تیرا | مگر | مذاق | کیا یہ ہے

ٱلَّذِى يَذْكُرُ ءَالِهَتَكُمْ وَهُم بِذِكْرِ ٱلرَّحْمَٰنِ هُمْ

وہ شخص | جو ذکر کرتا ہے | تمہارے الہوں کا | حالانکہ وہ | ذکر کے | رحمن کے | ساتھ وہ

كَٰفِرُونَ ٣٦ خُلِقَ ٱلْإِنسَٰنُ مِنْ عَجَلٍ سَأُو۟رِيكُمْ

انکاری ہیں | ۲۱:۳۶ | پیدا کیا گیا | انسان | سے | جلد بازی | عنقریب میں دکھاؤں گا تم کو

ءَايَٰتِى فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ٣٧ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا ٱلْوَعْدُ

اپنی آیات | پس نہ | تم جلدی مانگو مجھ سے | ۲۱:۳۷ | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | دھمکی (قیامت)

إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ٣٨ لَوْ يَعْلَمُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ حِينَ

اگر | ہو تم | سچے | ۲۱:۳۸ | اگر | جانتے ہوتے | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | جس وقت

لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ ٱلنَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا

نہ | روک سکیں گے - نہ ہٹا سکیں گے - نہ بچا سکیں گے | سے | اپنے چہروں | آگ کو | اور نہ | سے | اپنی پشتوں | اور نہ

هُمْ يُنصَرُونَ ٣٩ بَلْ تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا

وہ | مدد دئے جائیں گے | ۲۱:۳۹ | بلکہ | آئے گی ان کے پاس | اچانک | تو حیران کردے گی ان کو - مبہوت کردے گی ان کو | تو نہ

يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ٤٠ وَلَقَدِ ٱسْتُهْزِئَ

وہ استطاعت رکھتے ہوں گے | اس کو رد کرنے کی - لوٹانے کی - پھیرنے کی | اور نہ | وہ | مہلت دئے جائیں گے | ۲۱:۴۰ | اور البتہ تحقیق | مذاق اڑایا گیا

بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِٱلَّذِينَ سَخِرُوا۟ مِنْهُم مَّا كَانُوا۟

کئی رسولوں کا | آپ سے پہلے | تو گھیر لیا | ان لوگوں کو | جنہوں نے مذاق اڑایا | ان میں سے | جو | تھے وہ

بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ ٤١ قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِٱلَّيْلِ وَٱلنَّهَارِ

ساتھ اس کے | مذاق اڑاتے | ۲۱:۴۱ | کہہ دیجئے | کون | نگہبانی کررہا ہے تمہاری | رات کو | اور دن کو

مِنَ ٱلرَّحْمَٰنِ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ ٤٢

سے | رحمن | بلکہ | وہ | سے | ذکر | اپنے رب کے | منہ پھیرنے والے ہیں | ۲۱:۴۲

أَمْ لَهُمْ ءَالِهَةٌ تَمْنَعُهُم مِّن دُونِنَا لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ

یا | ان کے لئے | کچھ الہ ہیں | جو روک رہے ہیں ان کو | ہمارے سوا | نہیں | وہ استطاعت رکھتے | مدد کی

أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم مِّنَّا يُصْحَبُونَ ٤٣ بَلْ مَتَّعْنَا هَٰٓؤُلَآءِ

اپنے نفسوں کی | اور نہ | وہ | ہمارے طرف سے | حمایت دئے جائیں گے - ساتھ دئے جائیں گے | ۲۱:۴۳ | بلکہ | فائدہ دیا ہم نے | ان لوگوں کو

وَءَابَآءَهُمْ حَتَّىٰ طَالَ عَلَيْهِمُ ٱلْعُمُرُ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِى

اور ان کے آباؤ اجداد کو | یہاں تک کہ | لمبی ہوگئی | ان پر | عمر | کیا بھلا نہیں | وہ دیکھتے | بیشک ہم | ہم لا رہے ہیں

ٱلْأَرْضَ نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَآ أَفَهُمُ ٱلْغَٰلِبُونَ ٤٤

زمین کو | ہم گھٹا رہے ہیں اس کو | سے | اس کے کناروں | کیا پھر وہ | غالب آنے والے ہیں | ۲۱:۴۴



٣٦. یہ منکرین تجھے جب دیکھتے ہیں تو تمہارا مذاق ہی اڑاتے ہیں کیا یہی وہ ہے جو تمہارے معبودوں کا ذکر برائی سے کرتا، اور وہ خود ہی رحمٰن کی یاد کے بالکل ہی منکر ہیں

٣٧. انسان جلد باز مخلوق ہے میں تمہیں اپنی نشانیاں ابھی ابھی دکھاؤں گا تم مجھ سے جلد بازی نہ کرو۔

٣٨. کہتے ہیں کہ اگر سچے ہو تو بتا دو کہ یہ وعدہ کب ہے۔

٣٩. کاش! یہ کافر جانتے کہ اس وقت نہ تو یہ کافر آگ کو اپنے چہروں سے ہٹا سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھوں سے اور نہ ان کی مدد کی جائے گی

٤٠. (ہاں ہاں!) وعدے کی گھڑی ان کے پاس اچانک آجائے گی اور انہیں ہکا بکا کر دے گی (١) پھر نہ تو یہ لوگ اسے ٹال سکیں گے اور نہ ذرا سی بھی مہلت دئے جائیں گے۔

٤١. اور تجھ سے پہلے رسولوں کے ساتھ بھی ہنسی مذاق کیا گیا پس ہنسی کرنے والوں کو ہی اس چیز نے گھیر لیا جس کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔

٤٢. ان سے پوچھئے کہ رحمٰن کے سوا، دن اور رات تمہاری حفاظت کون کر سکتا ہے؟ بات یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے رب کے شکر سے پھرے ہوئے ہیں۔

٤٣. کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں جو انہیں مصیبتوں سے بچالیں۔ کوئی بھی خود اپنی مدد کی طاقت نہیں رکھتا اور نہ کوئی ہماری طرف سے ساتھ دیا جاتا ہے۔

٤٤. بلکہ ہم نے انہیں اور ان کے باپ دادوں کو زندگی کے سرو سامان دیئے یہاں تک کہ ان کی مدت عمر گزر گئی، کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آرہے ہیں، اب کیا وہی غالب ہیں؟ -

قُلۡ إِنَّمَآ أُنذِرُكُم بِٱلۡوَحۡيِۚ وَلَا يَسۡمَعُ ٱلصُّمُّ ٱلدُّعَآءَ إِذَا
کہہ دیجئے | بیشک | میں خبردار کرتا ہوں تم کو | وحی کی بنا پر | اور نہیں | سنا کرتے | بہرے | پکار کو | جب

مَا يُنذَرُونَ ﴿٤٥﴾ وَلَئِن مَّسَّتۡهُمۡ نَفۡحَةٞ مِّنۡ عَذَابِ رَبِّكَ
وہ | خبردار کئے جاتے ہیں | ۲۱:۴۵ | اور البتہ اگر | چھو جائے ان کو | ایک جھونکا | سے | عذاب | تیرے رب کے

لَيَقُولُنَّ يَٰوَيۡلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظَٰلِمِينَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ ٱلۡمَوَٰزِينَ
البتہ وہ ضرور کہیں گے | ہائے افسوس ہم پر | بیشک | تھے ہم | ظالم لوگ | ۲۱:۴۶ | اور ہم رکھ دیں گے | پلڑوں کو - ترازو کو

ٱلۡقِسۡطَ لِيَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ فَلَا تُظۡلَمُ نَفۡسٞ شَيۡـٔٗاۖ وَإِن كَانَ
انصاف والے | دن | قیامت کے | تو نہ | ظلم کیا جائے گا | کسی شخص پر | کچھ بھی | اور اگرچہ | ہو

مِثۡقَالَ حَبَّةٖ مِّنۡ خَرۡدَلٍ أَتَيۡنَا بِهَاۗ وَكَفَىٰ بِنَا حَٰسِبِينَ ﴿٤٧﴾
برابر | ایک دانے کے | سے | رائی کے | ہم لے آئیں گے | اس کو | اور کافی ہیں | ہم | حساب لگانے والے | ۲۱:۴۷

وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ٱلۡفُرۡقَانَ وَضِيَآءٗ وَذِكۡرٗا
اور البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو | اور ہارون کو | فرقان | اور روشنی | اور ذکر - نصیحت

لِّلۡمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾ ٱلَّذِينَ يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُم بِٱلۡغَيۡبِ وَهُم مِّنَ ٱلسَّاعَةِ
متقی لوگوں کے لئے | ۲۱:۴۸ | وہ لوگ | جو ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | غائبانہ طور پر | اور وہ | سے | قیامت

مُشۡفِقُونَ ﴿٤٩﴾ وَهَٰذَا ذِكۡرٞ مُّبَارَكٌ أَنزَلۡنَٰهُۚ أَفَأَنتُمۡ لَهُۥ
ڈرنے والے ہیں | ۲۱:۴۹ | اور یہ ہے | ذکر | بابرکت - مبارک | نازل کیا ہم نے اس کو | کیا بھلا تم | اس کے

مُنكِرُونَ ﴿٥٠﴾ ۞ وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَآ إِبۡرَٰهِيمَ رُشۡدَهُۥ مِن قَبۡلُ وَكُنَّا
٢/٤ الحزب ٣٣
انکاری ہو | ۲۱:۵۰ | اور البتہ تحقیق | دی ہم نے | ابراہیم کو | سمجھ بوجھ اس کی - ہوش مندی اس کی | اس سے پہلے | اور تھے ہم

بِهِۦ عَٰلِمِينَ ﴿٥١﴾ إِذۡ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوۡمِهِۦ مَا هَٰذِهِ ٱلتَّمَاثِيلُ ٱلَّتِيٓ
اس کو | جاننے والے | ۲۱:۵۱ | جب | اس نے کہا | اپنے باپ سے | اور اپنی قوم سے | کیا ہیں | یہ | مورتیں | وہ جو

أَنتُمۡ لَهَا عَٰكِفُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُواْ وَجَدۡنَآ ءَابَآءَنَا لَهَا عَٰبِدِينَ ﴿٥٣﴾ قَالَ
تم | ان کے لئے | جم کر بیٹھے ہو - جمے ہوئے ہو | ۲۱:۵۲ | انہوں نے کہا | پایا ہم نے | اپنے آباؤ اجداد کو | ان کے لئے | عبادت کرنے والے | ۲۱:۵۳ | اس نے کہا

لَقَدۡ كُنتُمۡ أَنتُمۡ وَءَابَآؤُكُمۡ فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ ﴿٥٤﴾ قَالُوٓاْ أَجِئۡتَنَا
البتہ تحقیق | ہو تم | تم | اور تمہارے آباؤ اجداد | میں | گمراہی | کھلی | ۲۱:۵۴ | انہوں نے کہا | کیا تو لایا ہے ہمارے پاس

بِٱلۡحَقِّ أَمۡ أَنتَ مِنَ ٱللَّٰعِبِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ بَل رَّبُّكُمۡ رَبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ
حق کو | یا | تو | میں سے | کھیلنے والوں | ۲۱:۵۵ | کہا | بلکہ | رب تمہارا | رب ہے | آسمانوں کا

وَٱلۡأَرۡضِ ٱلَّذِي فَطَرَهُنَّ وَأَنَا۠ عَلَىٰ ذَٰلِكُم مِّنَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴿٥٦﴾
اور زمین کا | جس نے | پیدا کیا ہے ان کو | اور میں | پر | اس (پر) | میں سے | گواہوں | ۲۱:۵۶

وَتَٱللَّهِ لَأَكِيدَنَّ أَصۡنَٰمَكُم بَعۡدَ أَن تُوَلُّواْ مُدۡبِرِينَ ﴿٥٧﴾
اور قسم اللہ کی | البتہ میں ضرور چال چلوں گا | تمہارے بتوں سے | بعد اس کے | کہ | تم پھر جاؤ | پیٹھ پھیر کر | ۲۱:۵۷

٤٥. کہہ دیجئے! میں تمہیں اللہ کی وحی کے ذریعہ آگاہ کر رہا ہوں مگر بہرے لوگ بات نہیں سنتے جبکہ انہیں آگاہ کیا جائے۔

٤٦. اگر انہیں تیرے رب کے کسی عذاب کا جھونکا بھی لگ جائے تو پکار اٹھیں کہ ہائے ہماری بد بختی یقیناً ہم گناہ گار تھے۔

٤٧. قیامت کے دن ہم درمیان میں لا رکھیں گے ٹھیک ٹھیک تولنے والی ترازو کو۔ پھر کسی پر کچھ ظلم بھی نہ کیا جائے گا۔ اور اگر ایک رائی کے دانے کے برابر بھی عمل ہوگا ہم اسے لا حاضر کریں گے، اور ہم کافی ہیں حساب کرنے والے۔

٤٨. یہ بالکل سچ ہے کہ ہم نے موسیٰ و ہارون کو فیصلے کرنے والی نورانی اور پرہیزگاروں کے لئے وعظ و نصیحت والی کتاب عطا فرمائی ہے

٤٩. وہ لوگ جو اپنے رب سے بن دیکھے خوف کھاتے ہیں اور قیامت (کے تصور) سے کانپتے رہتے ہیں۔

٥٠. اور یہ نصیحت اور برکت والا قرآن بھی ہم نے نازل فرمایا ہے کیا پھر بھی تم اس کے منکر ہو۔

٥١. یقیناً ہم نے اس سے پہلے ابراہیم کو اسکی سمجھ بوجھ بخشی تھی اور ہم اسکے احوال سے بخوبی واقف تھے۔

٥٢. جبکہ اس نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ مورتیاں جن کے تم مجاور بنے بیٹھے ہو کیا ہیں؟ ۔

٥٣. سب نے جواب دیا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو انہی کی عبادت کرتے ہوئے پایا۔

٥٤. آپ نے فرمایا! پھر تم اور تمہارے باپ دادا سبھی یقیناً کھلی گمراہی میں مبتلا رہے۔

٥٥. کہنے لگے کیا آپ ہمارے پاس سچ مچ حق لائے ہیں یا یوں ہی مذاق کر رہے ہیں۔

٥٦. آپ نے فرمایا نہیں درحقیقت تم سب کا پروردگار تو وہ ہے جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے جس نے انہیں پیدا کیا ہے، میں تو اپنی بات کا گواہ اور قائل ہوں

٥٧. اور اللہ کی قسم میں تمہارے ان معبودوں کے ساتھ جب تم علیحدہ پیٹھ پھیر کر چل دو گے ایک چال چلوں گا

فَجَعَلَهُمْ جُذَٰذًا إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ

تو اس نے کردیا ان کو | ٹکڑے ٹکڑے | مگر | بڑا | ان کا | شاید کہ وہ | اس کی طرف | رجوع کریں

٥٨ قَالُوا مَن فَعَلَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ٥٩

٢١:٥٨ انہوں نے کہا | کس نے | کیا ہے | یہ | ہمارے الہوں کے ساتھ | یقینا وہ | البتہ میں سے | ظالموں میں | ٢١:٥٩

قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ٦٠ قَالُوا فَأْتُوا

انہوں نے کہا | سنا ہم نے | ایک نوجوان کو | جو ذکر کر رہا تھا ان کا | کہا جاتا ہے | اس کو | ابراہیم | ٢١:٦٠ | انہوں نے کہا | پس لاؤ

بِهِ عَلَىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ٦١ قَالُوا أَأَنتَ

اس کو | (اسے سب کے سامنے لاؤ) | آنکھوں | لوگوں کی | تاکہ وہ | مشاہدہ کریں۔ دیکھیں | ٢١:٦١ | انہوں نے کہا | کیا تم نے

فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ٦٢ قَالَ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ

تم نے کیا تھا | یہ کام | ہمارے الہوں کے ساتھ | اے ابراہیم | ٢١:٦٢ | اس نے کہا | بلکہ | کیا ہے اس کو | ان کے بڑے نے (یہ کام)

هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ ٦٣ فَرَجَعُوا إِلَىٰ

اس نے | پس پوچھو ان سے | اگر | ہیں وہ | بولتے | ٢١:٦٣ | تو وہ پلٹے | کی طرف

أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ ٦٤ ثُمَّ نُكِسُوا

اپنے نفسوں | تو انہوں نے کہا | بیشک تم | تم ہی | ظالم ہیں | ٢١:٦٤ | پھر | وہ الٹائے گئے

عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ يَنطِقُونَ ٦٥ قَالَ

پر | اپنے سروں | البتہ تحقیق | تو جانتا ہے | نہیں | ہیں یہ (بستیاں) | بولتیں | ٢١:٦٥ | کہا

أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا

کیا بھلا تم عبادت کرتے ہو | سوا | اللہ کے | جو | نہیں | نفع دیتے تم کو | کچھ بھی | اور نہ

يَضُرُّكُمْ ٦٦ أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ

نقصان دے سکتے ہیں | ٢١:٦٦ | اف ہے | تمہارے لئے | اور اس کے لئے | جن کی تم عبادت کرتے ہو | سوا | اللہ کے

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ٦٧ قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ

کیا بھلا نہیں | تم عقل سے کام لیتے | ٢١:٦٧ | انہوں نے کہا | جلا ڈالو اس کو | اور مدد کرو | اپنے الہوں کی | اگر | ہو تم

فَاعِلِينَ ٦٨ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ

کرنے والے | ٢١:٦٨ | کہا ہم نے | اے آگ | ہوجا | ٹھنڈی | اور سلامتی (والی ہو) | پر | ابراہیم

٦٩ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ٧٠ وَنَجَّيْنَاهُ

٢١:٦٩ | اور انہوں نے ارادہ کیا | اس کے ساتھ | چال چلنے کا | تو بنادیا ہم نے ان کو | سب سے زیادہ خسارہ پانے والے | ٢١:٧٠ | اور نجات دی ہم نے اس کو

وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ٧١ وَوَهَبْنَا

اور لوط کو | کی طرف | اس زمین | وہ جو | برکت دی تھی ہم نے | اس میں | جہان والوں کے لئے | ٢١:٧١ | اور عطا کیا ہم نے - بخشا ہم نے

لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً وَكُلًّا جَعَلْنَا صَالِحِينَ ٧٢

اس کے لیے | اسحاق - اس کو اسحاق | اور یعقوب | زائد | اور سب کو | بنایا ہم نے | نیک | ٢١:٧٢

٥٨. پس اس نے سب کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے ہاں صرف بڑے بت کو چھوڑ دیا یہ بھی اس لئے کہ وہ سب اس کی طرف ہی لوٹیں

٥٩. کہنے لگے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ کس نے کیا؟ ایسا شخص تو یقیناً ظالموں میں سے ہے

٦٠. بولے ہم نے ایک نوجوان کو ان کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا تھا جسے ابراہیم (علیہ السلام) کہا جاتا ہے۔

٦١. سب نے کہا اچھا اسے مجمع میں لوگوں کی نگاہوں کے سامنے لاؤ تاکہ سب دیکھیں

٦٢. کہنے لگے! اے ابراہیم (علیہ السلام) کیا تو نے ہی ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ حرکت کی ہے۔

٦٣. آپ نے جواب دیا بلکہ اس کام کو ان کے بڑے نے کیا ہے تم اپنے خداؤں سے پوچھ لو، اگر یہ بولتے چالتے ہوں۔

٦٤. پس یہ لوگ اپنے دلوں میں قائل ہوگئے اور کہنے لگے واقع ظالم تو تم ہی ہو۔

٦٥. پھر اپنے سروں کے بل اوندھے ہوگئے (اور کہنے لگے کہ) یہ تجھے بھی معلوم ہے یہ بولنے چالنے والے نہیں

٦٦. اللہ کے خلیل نے اسی وقت فرمایا افسوس! کیا تم اللہ کے علاوہ ان کی عبادت کرتے ہو جو نہ تمہیں کچھ بھی نفع پہنچا سکیں نہ نقصان۔

٦٧. تف ہے تم پر اور ان پر جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو۔ کیا تمہیں اتنی سی عقل نہیں۔

٦٨. کہنے لگے کہ اسے جلا دو اور اپنے خداؤں کی مدد کرو اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے

٦٩. ہم نے فرما دیا اے آگ! تو ٹھنڈی پڑ جا اور ابراہیم (علیہ السلام) کے لئے سلامتی (اور آرام کی چیز) بن جا۔

٧٠. گو انہوں نے ابراہیم (علیہ السلام) کا برا چاہا، لیکن ہم نے انہیں ناکام بنا دیا۔

٧١. اور ہم ابراہیم اور لوط کو بچا کر اس زمین کی طرف لے چلے جس میں ہم نے تمام جہان والوں کے لئے برکت رکھی تھی۔

٧٢. اور ہم نے اسے اسحاق عطا فرمایا اور یعقوب اس پر مزید اور ہر ایک کو ہم نے صالح بنایا۔

وَجَعَلْنَٰهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَآ إِلَيْهِمْ فِعْلَ
اور بنایا ہم نے ان کو | رہنما | وہ رہنمائی کرتے تھے | ساتھ ہمارے حکم کے | اور وحی کی ہم نے | ان کی طرف | کام

ٱلْخَيْرَٰتِ وَإِقَامَ ٱلصَّلَوٰةِ وَإِيتَآءَ ٱلزَّكَوٰةِ ۖ وَكَانُوا۟ لَنَا
نیک | اور قائم کرنے کی | نماز | اور ادا کرنے کی | زکوۃ | اور تھے وہ | ہمارے لئے

عَٰبِدِينَ ﴿٧٣﴾ وَلُوطًا ءَاتَيْنَٰهُ حُكْمًا وَعِلْمًا وَنَجَّيْنَٰهُ مِنَ
عبادت گزار | ۲۱:۷۳ | اور لوط کو | عطا کیا ہم نے اس کو | حکم | اور علم | اور نجات دی ہم نے اس کو | سے

ٱلْقَرْيَةِ ٱلَّتِى كَانَت تَّعْمَلُ ٱلْخَبَٰٓئِثَ ۗ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَوْمَ سَوْءٍ
اس بستی | وہ جو | تھی | عمل کرتی | برے ۔ خبیث کام | یقینا وہ | تھے | لوگ ہی | برے

فَٰسِقِينَ ﴿٧٤﴾ وَأَدْخَلْنَٰهُ فِى رَحْمَتِنَآ ۖ إِنَّهُۥ مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ
فاسق | ۲۱:۷۴ | اور داخل کیا ہم نے اس کو | میں | اپنی رحمت | یقینا وہ | میں سے تھے | نیک لوگوں

﴿٧٥﴾ وَنُوحًا إِذْ نَادَىٰ مِن قَبْلُ فَٱسْتَجَبْنَا لَهُۥ فَنَجَّيْنَٰهُ
۲۱:۷۵ | اور نوح کو | جب | اس نے آواز دی ۔ پکارا | اس سے پہلے | تو ہم نے دعا قبول کرلی | اس کے لئے | تو ہم نے نجات دی اس کو

وَأَهْلَهُۥ مِنَ ٱلْكَرْبِ ٱلْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾ وَنَصَرْنَٰهُ مِنَ ٱلْقَوْمِ
اور اس کے گھر والوں کو | سے | کرب | عظیم | ۲۱:۷۶ | اور ہم نے مدد کی اس کی | سے | ان لوگوں کی قوم

ٱلَّذِينَ كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَآ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَوْمَ سَوْءٍ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ
جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیات کو | بیشک وہ | وہ تھے | لوگ ہی | برے | تو غرق کردیا ہم نے ان کو

أَجْمَعِينَ ﴿٧٧﴾ وَدَاوُۥدَ وَسُلَيْمَٰنَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِى ٱلْحَرْثِ
سب کے سب کو | ۲۱:۷۷ | اور داؤد | اور سلیمان | جب | وہ دونوں فیصلہ کر رہے تھے | میں | کھیت کے معاملے

إِذْ نَفَشَتْ فِيهِ غَنَمُ ٱلْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَٰهِدِينَ ﴿٧٨﴾
جب | رات کو چر لیا تھا ۔ جب منتشر ہوگئیں تھیں | اس میں | بکریوں ۔ بکریاں | ایک قوم کی | اور تھے ہم | ان کے فیصلے کو | دیکھنے والے | ۲۱:۷۸

فَفَهَّمْنَٰهَا سُلَيْمَٰنَ ۚ وَكُلًّا ءَاتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا ۚ وَسَخَّرْنَا
پس سمجھا دیا ہم نے اس کو (وہ فیصلہ) | سلیمان کو | اور سب کو | دی ہم نے | حکم ۔ دانائی | اور علم | اور مسخر کئے ہم نے

مَعَ دَاوُۥدَ ٱلْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَٱلطَّيْرَ ۚ وَكُنَّا فَٰعِلِينَ ﴿٧٩﴾
کے ساتھ | داؤد | پہاڑ | جو تسبیح کرتے تھے | اور پرندے | اور تھے ہم ہی | کرنے والے | ۲۱:۷۹

وَعَلَّمْنَٰهُ صَنْعَةَ لَبُوسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُم مِّنۢ بَأْسِكُمْ ۖ
اور سکھایا ہم نے اس کو | بنانا ۔ کاریگری ۔ عمل | لباس | تمہارے لئے | تاکہ بچائے تم کو | سے | تمہارے خوف

فَهَلْ أَنتُمْ شَٰكِرُونَ ﴿٨٠﴾ وَلِسُلَيْمَٰنَ ٱلرِّيحَ عَاصِفَةً تَجْرِى بِأَمْرِهِۦٓ
تو کیا | تم | شکر گزار ہو | ۲۱:۸۰ | اور سلیمان کے لئے | ہوا کو (مسخر کیا) | شدت سے چلنے والی | جو چلتی تھی | اس کے حکم سے

إِلَى ٱلْأَرْضِ ٱلَّتِى بَٰرَكْنَا فِيهَا ۚ وَكُنَّا بِكُلِّ شَىْءٍ عَٰلِمِينَ ﴿٨١﴾
طرف | اس زمین کی | وہ جو | برکت دی تھی ہم نے | اس میں | اور تھے ہم | ہر | چیز کو | جاننے والے | ۲۱:۸۱

۷۳. اور ہم نے انہیں پیشوا بنا دیا کہ ہمارے حکم سے لوگوں کی رہبری کریں اور ہم نے ان کی طرف نیک کاموں کے کرنے اور نمازوں کے قائم رکھنے اور زکوۃ دینے کی وحی (تلقین) کی، اور وہ سب ہمارے عبادت گزار بندے تھے۔

۷۴. ہم نے لوط (علیہ السلام) کو بھی حکم اور علم دیا اور اسے اس بستی سے نجات دی جہاں لوگ گندے کاموں میں مبتلا تھے۔ اور تھے بھی وہ بدترین گنہگار۔

۷۵. اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو اپنی رحمت میں داخل کر لیا بیشک وہ نیکوکار لوگوں میں سے تھا۔

۷۶. نوح کے اس وقت کو یاد کیجئے جبکہ اس نے اس سے پہلے دعا کی ہم نے اس کی دعا قبول فرمائی اور اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑے کرب سے نجات دی۔

۷۷. اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے تھے ان کے مقابلے میں ہم نے اس کی مدد کی، یقیناً وہ برے لوگ تھے پس ہم نے ان سب کو ڈبو دیا۔

۷۸. اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو یاد کیجئے جبکہ وہ کھیت کے معاملہ میں فیصلہ کر رہے تھے کہ کچھ لوگوں کی بکریاں رات کو اس میں چر گئی تھیں، اور ان کے فیصلے میں ہم موجود تھے۔

۷۹. ہم نے اس کا صحیح فیصلہ سلیمان کو سمجھا دیا، ہاں ہر ایک کو ہم نے حکم و علم دے رکھا تھا اور داؤد کے تابع ہم نے پہاڑ کر دیئے تھے جو تسبیح کرتے تھے اور پرند بھی، ہم کرنے والے ہی تھے۔

۸۰. ہم نے اسے تمہارے لئے لباس بنانے کی کاریگری سکھائی تاکہ لڑائی کی ضرر سے تمہارا بچاؤ ہو، کیا تم شکر گزار بنو گے۔

۸۱. ہم نے تند و تیز ہوا کو سلیمان (علیہ السلام) کے تابع کر دیا جو اس کے فرمان سے اس زمین کی طرف چلتی ہے جہاں ہم نے برکت دے رکھی تھی، اور ہم ہرچیز سے باخبر اور دانا ہیں۔

17

وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ

اور سے | شیطانوں میں (سے) | جو | غوطے لگاتے تھے | اس کے لئے | اور عمل کرتے تھے | کچھ عمل | علاوہ

٣/٤ الحزب ٣٣

ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾ ۞ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى

اس کے | اور تھے ہم ہی | ان کے لئے | حفاظت کرنے والے | 21:82 | اور ایوب کو | جب | اس نے پکارا

رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾

اپنے رب کو | کہ بیشک میں | چھو لیا مجھے | تکلیف نے | اور تو | سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے | رحم کرنے والوں میں سے | 21:83

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ

تو دعا قبول کرلی ہم نے | اس کی | تو کھول دیا ہم نے - ہٹا دیا ہم نے | جو بھی | اس کو تھا | سے | بیماری میں (سے) | اور دئے ہم نے اس کو | اس کے گھر والے

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ

اور ان کی مانند | ان کے ساتھ ہی | بطور رحمت | سے | اپنے پاس (سے) | اور نصیحت | عبادت کرنے والوں کے لئے

﴿٨٤﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ

21:84 | اور اسماعیل | اور ادریس | اور ذولکفل کا | سب کے سب | میں سے تھے | صبر کرنے والوں

﴿٨٥﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۖ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٦﴾

21:85 | اور داخل کیا ہم نے ان کو | میں | اپنی رحمت | یقینا وہ تھے | میں سے | صالح لوگوں | 21:86

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ

اور ذوالنون کو (حضرت یونس) | جب | وہ چلا گیا | غضب ناک ہوکر | تو سمجھا | کہ | ہرگز نہیں | تم قدرت پاسکتے - قادر ہوں گے | اس پر

فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ

تو اس نے پکارا | میں | اندھیروں | کہ | نہیں | کوئی الٰہ برحق | مگر | تو ہی | پاک ہے | تو بیشک میں

كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ

میں ہی | میں سے ہوں | ظالموں | 21:87 | تو دعا قبول کرلی ہم نے | اس کے لئے | اور نجات دی ہم نے اس کو

مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّاۤ

سے | غم | اور اسی طرح | ہم بچایا کرتے ہیں - نجات دیا کرتے ہیں | ، ایمان والوں کو | 21:88 | اور زکریا

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ

جب | اس نے پکارا تھا | اپنے رب کو | اے میرے رب | نہ | تو چھوڑ مجھ کو | اکیلا | اور تو | بہترین | وارث ہے

﴿٨٩﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا

21:89 | تو ہم نے دعا قبول کرلی | اس کی | اور ہم نے عطا کیا | اس کو | یحییٰ | اور درست کردی ہم نے

لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ

اس کے لئے | اس کی بیوی | یقینا وہ | تھے | جلدی کرتے | میں | نیکیوں

وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾

اور وہ پکارتے تھے ہم کو | رغبت سے | اور خوف سے | اور تھے وہ | ہمارے ہی لئے | خشوع کرنے والے | 21:90

**٨٢.** اسی طرح سے بہت سے شیاطین بھی ہم نے اس کے تابع کئے تھے جو اس کے فرمان سے غوتے لگاتے تھے اور اس کے سوا بھی بہت سے کام کرتے تھے، ان کے نگہبان ہم ہی تھے۔

**٨٣.** ایوب (علیہ السلام) کی اس حالت کو یاد کرو جبکہ اس نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ مجھے یہ بیماری لگ گئی ہے اور تو رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

**٨٤.** تو ہم نے اس کی سن لی اور جو دکھ انہیں تھا اسے دور کر دیا اور اس کو اہل و عیال عطا فرمائے بلکہ ان کے ساتھ ویسے ہی اور، اپنی خاص مہربانی سے تاکہ سچے بندوں کے لئے سبب نصیحت ہو۔

**٨٥.** اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (علیہم السلام) یہ سب صابر لوگ تھے۔

**٨٦.** ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل کر لیا۔ یہ سب لوگ نیک تھے۔

**٨٧.** مچھلی والے (حضرت یونس علیہ السلام) کو یاد کرو! جبکہ وہ غصہ سے چل دیے اور خیال کیا کہ ہم اسے نہ پکڑ سکیں گے۔ بالا آخر وہ اندھیروں کے اندر سے پکار اٹھا کہ الٰہی تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں ہوگیا۔

**٨٨.** تو ہم نے اس کی پکار سن لی اور اسے غم سے نجات دے دی اور ہم ایمان والوں کو اسی طرح بچا لیا کرتے ہیں۔

**٨٩.** اور زکریا (علیہ السلام) کو یاد کرو جب اس نے اپنے رب سے دعا کی اے میرے پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑ، تو سب سے بہتر وارث ہے۔

**٩٠.** ہم نے اس کی دعا قبول فرما کر اسے یحیٰی (علیہ السلام) عطا فرمایا اور ان کی بیوی کو ان کے لئے درست کر دیا یہ بزرگ لوگ نیک کاموں کی طرف جلدی کرتے تھے اور ہمیں لالچ طمع اور ڈر خوف سے پکارتے تھے۔ ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔

وَٱلَّتِيٓ أَحۡصَنَتۡ فَرۡجَهَا فَنَفَخۡنَا فِيهَا مِن رُّوحِنَا

اور وہ عورت | جس نے حفاظت کی | اپنی شرمگاہ کی | تو پھونک دیا ہم نے | اس میں | سے | اپنی روح

وَجَعَلۡنَٰهَا وَٱبۡنَهَآ ءَايَةٗ لِّلۡعَٰلَمِينَ ٩١ إِنَّ هَٰذِهِۦٓ

اور بنایا ہم نے اس کو | اور اس کے بیٹے کو | ایک نشانی | سب جہان والوں کے لئے | ۲۱:۹۱ | یقینا | یہ

أُمَّتُكُمۡ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ وَأَنَا۠ رَبُّكُمۡ فَٱعۡبُدُونِ ٩٢

امت ہے تمہاری | امت | ایک ہی | اور میں | تمہارا رب ہوں | پس عبادت کرو میری | ۲۱:۹۲

وَتَقَطَّعُوٓاْ أَمۡرَهُم بَيۡنَهُمۡۖ كُلٌّ إِلَيۡنَا رَٰجِعُونَ ٩٣

اور انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا | اپنے معاملے کو | آپس میں | سارے کے سارے | ہماری طرف | لوٹنے والے ہیں | ۲۱:۹۳

فَمَن يَعۡمَلۡ مِنَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَهُوَ مُؤۡمِنٞ فَلَا كُفۡرَانَ

تو جو کوئی | عمل کرے گا | میں سے | نیکیوں | اس حال میں کہ وہ | مومن ہو | تو نہیں | ناقدری

لِسَعۡيِهِۦ وَإِنَّا لَهُۥ كَٰتِبُونَ ٩٤ وَحَرَٰمٌ عَلَىٰ قَرۡيَةٍ

اس کی کوشش کی | اور بیشک ہم | اس کو | لکھنے والے ہیں - اس کو لکھ رہے ہیں | ۲۱:۹۴ | اور واجب ہے - لازم ہے | اوپر | ایک بستی کے

أَهۡلَكۡنَٰهَآ أَنَّهُمۡ لَا يَرۡجِعُونَ ٩٥ حَتَّىٰٓ إِذَا فُتِحَتۡ

جس کو ہم نے ہلاک کردیا | کہ بیشک وہ | نہ | لوٹیں گے - نہ پلٹیں گے | ۲۱:۹۵ | یہاں تک کہ | جب | کھول دئے جائیں گے

يَأۡجُوجُ وَمَأۡجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٖ يَنسِلُونَ ٩٦

یاجوج | اور ماجوج | اور وہ | سے | ہر | اونچی جگہ | اتر رہے ہوں گے - دوڑ رہے ہوں گے | ۲۱:۹۶

وَٱقۡتَرَبَ ٱلۡوَعۡدُ ٱلۡحَقُّ فَإِذَا هِيَ شَٰخِصَةٌ أَبۡصَٰرُ ٱلَّذِينَ

اور قریب آجائے گا | وعدہ | سچا | تو تب | وہ | کھلی کی کھلی رہ جائیں گی | نگاہیں | ان لوگوں کی

كَفَرُواْ يَٰوَيۡلَنَا قَدۡ كُنَّا فِي غَفۡلَةٖ مِّنۡ هَٰذَا بَلۡ كُنَّا

جنہوں نے کفر کیا (وہ کہیں گے) | ہائے افسوس ہم پر | تحقیق | تھے ہم | میں | غفلت | سے | اس | بلکہ | تھے ہم ہی

ظَٰلِمِينَ ٩٧ إِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ

ظالم لوگ | ۲۱:۹۷ | بیشک تم | اور جن کی | تم عبادت کرتے ہو | سوا | اللہ کے

حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنتُمۡ لَهَا وَٰرِدُونَ ٩٨ لَوۡ كَانَ

وہ ایندھن | جہنم کا ہیں | تم | اس کے لئے | وارد ہونے والے ہو | ۲۱:۹۸ | اگر ہوتے | یہ

هَٰٓؤُلَآءِ ءَالِهَةٗ مَّا وَرَدُوهَاۖ وَكُلّٞ فِيهَا خَٰلِدُونَ ٩٩

لوگ | خدا | نہ | وہ وارد ہوتے اس میں | اور سب کے سب | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ۲۱:۹۹

لَهُمۡ فِيهَا زَفِيرٞ وَهُمۡ فِيهَا لَا يَسۡمَعُونَ ١٠٠ إِنَّ ٱلَّذِينَ

ان کے لئے | اس میں | کراہنے کی آواز ہوگی - چلانے کی آواز ہوگی | اور وہ | اس میں | نہ | سنتے ہوں گے | ۲۱:۱۰۰ | بیشک | وہ لوگ

سَبَقَتۡ لَهُم مِّنَّا ٱلۡحُسۡنَىٰٓ أُوْلَٰٓئِكَ عَنۡهَا مُبۡعَدُونَ ١٠١

پہلے ہوگئی | ان کے لئے | ہماری طرف سے | بھلائی | یہی لوگ | اس سے | دور رکھے جانے والے ہیں | ۲۱:۱۰۱

**۹۱**. اور وہ پاک دامن بی بی جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی ہم نے اس کے اندر اپنی روح پھونک دی اور خود انہیں اور ان کے لڑکے کو تمام جہان کے لئے نشانی بنا دیا

**۹۲**. یہ تمہاری امت ہے جو حقیقت میں ایک ہی امت ہے اور میں تم سب کا پروردگار ہوں پس تم میری ہی عبادت کرو۔

**۹۳**. مگر لوگوں نے آپس میں اپنے دین میں فرقہ بندیاں کرلیں سب کے سب ہمارے ہی طرف لوٹنے والے ہیں۔

**۹۴**. پھر جو بھی نیک عمل کرے اور وہ مومن (بھی) ہو تو اسکی کوشش کی بےقدری نہیں کی جائیگی ہم تو اس کے لکھنے والے ہیں۔

**۹۵**. اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کر دیا اس پر لازم ہے کہ وہاں کے لوگ پلٹ کر نہیں آئیں گے۔

**۹۶**. یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے۔

**۹۷**. اور سچا وعدہ قریب آلگے گا اس وقت کافروں کی نگاہیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی، کہ ہائے افسوس! ہم اس حال سے غافل تھے بلکہ فی الواقع ہم قصوروار تھے۔

**۹۸**. تم اور اللہ کے سوا جن جن کی تم عبادت کرتے ہو، سب دوزخ کا ایندھن بنو گے، تم سب دوزخ میں جانے والے ہو۔

**۹۹**. اگر یہ (سچے) معبود ہوتے تو جہنم میں داخل نہ ہوتے، اور سب کے سب اسی میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

**۱۰۰**. وہ وہاں چلا رہے ہونگے اور وہاں کچھ بھی نہ سن سکیں گے۔

**۱۰۱**. البتہ بیشک جن کے لئے ہماری طرف سے نیکی پہلے ہی ٹھہر چکی ہے۔ وہ سب جہنم سے دور ہی رکھے جائیں گے۔

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ
نہ | وہ سنیں گے | اس کی آواز کو | اور وہ | میں بھی (اس (عیش) ہوں گے) | جو | خواہش کریں گے | ان کے نفس

خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ
ہمیشہ رہنے والے | ٢١:١٠٢ | نہ | غمگین کرے گی انہیں | گھبراہٹ | بڑی | اور لینے آئے گے انہیں

الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾
فرشتے | یہ ہے | تمہارا دن | وہ جو | تھے تم | وعدہ کیے جاتے | ٢١:١٠٣

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا
جس دن | ہم لپیٹ دیں گے | آسمان کو | مانند لپیٹنے | طومار کے - رجسٹر کے | کتابوں کے لئے | جیسا کہ | ابتدا کی ہم نے

أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ
پہلی | پیدائش کی | ہم اعادہ کریں گے اس کا | ایک وعدہ ہے | ہمارے ذمہ | بیشک ہم | ہیں ہم ہی | کرنے والے | ٢١:١٠٤ | اور البتہ تحقیق

كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا
لکھ لیا ہم نے | میں | زبور | بعد | ذکر | بیشک | زمین | وارث ہوں گے اس کا

عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ
میرے بندے | جو صالح ہیں | ٢١:١٠٥ | بیشک | میں | اس | البتہ پہنچانا ہے | ایک قوم کے لئے

عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ
جو عبادت گزار ہے | ٢١:١٠٦ | اور نہیں | بھیجا ہم نے آپ کو | مگر | رحمت بنا کر | جہان والوں کے لئے

﴿١٠٧﴾ قُلْ إِنَّمَا يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَهَلْ
٢١:١٠٧ | کہہ دیجئے | بیشک | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | بیشک | الہ تمہارا | الہ | ایک ہے | تو کیا

أَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٠٨﴾ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ آذَنتُكُمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۖ
تم | مسلمان ہو | ٢١:١٠٨ | پھر اگر | وہ منہ موڑ لیں | تو کہہ دیجئے | میں نے خبردار کردیا تم کو | علی الاعلان | یکساں طور پر

وَإِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ أَم بَعِيدٌ مَّا تُوعَدُونَ ﴿١٠٩﴾ إِنَّهُ يَعْلَمُ
اور نہیں | میں جانتا | کیا قریب ہے | یا | دور ہے | جو | تم وعدہ دئے جاتے ہو | ٢١:١٠٩ | بیشک وہ | جانتا ہے

الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُونَ ﴿١١٠﴾ وَإِنْ أَدْرِي
ظاہر کو | میں سے | بات | اور وہ جانتا ہے | جو | تم چھپاتے ہو | ٢١:١١٠ | اور میں | سمجھتا ہوں

لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿١١١﴾ قَالَ رَبِّ احْكُم
شاید کہ وہ | ایک فتنہ ہے | تمہارے لئے | اور فائدہ اٹھانا ہے | تک | ایک وقت | ٢١:١١١ | کہا | اے میرے رب | فیصلہ کردے

بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمَٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ﴿١١٢﴾
حق کے ساتھ | اور ہمارا رب | تو رحمن ہے - نہایت مہربان ہے | جس سے مدد طلب کی جاتی ہے | اس پر | جو | تم بیان کرتے ہو | ٢١:١١٢

## ٢٢ سُورَةُ الحَجِّ ٧٨

١٠٢. وہ تو دوزخ کی آہٹ تک نہ سنیں گے اور اپنی من بھاتی چیزوں میں ہمیشہ رہنے والے ہونگے۔

١٠٣. وہ بڑی گھبراہٹ (بھی) انہیں غمگین نہ کر سکے گی اور فرشتے انہیں ہاتھوں ہاتھ لیں گے، کہ یہی تمہارا وہ دن ہے جس کا تم وعدہ دئے جاتے رہے۔

١٠٤. جس دن ہم آسمان کو یوں لپیٹ لیں گے جیسے دفتر میں اوراق لپیٹ دئے جاتے ہیں جیسے کہ ہم نے اول دفعہ پیدائش کی تھی اسی طرح دوبارہ کریں گے۔ یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے اور ہم اسے ضرور کرکے (ہی) رہیں گے۔

١٠٥. ہم زبور میں پندو نصیحت کے بعد یہ لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث میرے نیک بندے (ہی) ہونگے

١٠٦. عبادت گزار بندوں کے لئے تو اس میں ایک بڑا پیغام ہے

١٠٧. اور ہم نے آپ کو تمام جہان والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

١٠٨. کہہ دیجئے! میرے پاس تو بس وحی کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک ہی ہے، تو کیا تم بھی اس کی فرمانبرداری کرنے والے ہو؟

١٠٩. پھر اگر یہ منہ موڑ لیں تو کہہ دیجئے کہ میں نے تمہیں یکساں طور پر خبردار کر دیا ہے، مجھے علم نہیں کہ جس کا وعدہ تم سے کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا دور

١١٠. البتہ اللہ تعالیٰ تو کھلی اور ظاہر بات کو بھی جانتا ہے اور جو تم چھپاتے ہو اسے بھی جانتا ہے۔

١١١. مجھے اس کا بھی علم نہیں، ممکن ہے یہ تمہاری آزمائش ہو اور ایک مقرر وقت تک کا فائدہ (پہنچانا) ہے۔

١١٢. خود نبی نے کہا اے رب! انصاف کے ساتھ فیصلہ فرما اور ہمارا رب بڑا مہربان ہے جس سے مدد طلب کی جاتی ہے ان پر جو تم بیان کرتے ہو

سورۃ الحج
مدینہ
سورہ نمبر: ٢٢ آیات: ٧٨

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الحزب ٣٤

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُواْ رَبَّكُمْۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ ٱلسَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ

اے | لوگو | ڈرو | اپنے رب سے | بیشک | زلزلہ | قیامت کا | چیز ہے | بہت بڑی

١ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ

٢٢:١ | جس دن | تم دیکھو گے اس کو | بھول جائے گی | ہر | دودھ پلانے والی | اس کو | جو وہ دودھ پلاتی تھی | اور گرا دے گی - رکھ دے گی

كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى ٱلنَّاسَ سُكَٰرَىٰ وَمَا هُم

ہر | والی | حمل | اپنے حمل کو | اور تم دیکھو گے | لوگوں کو | کہ وہ نشے میں ہیں | حالانکہ نہ ہوں گے | وہ

بِسُكَٰرَىٰ وَلَٰكِنَّ عَذَابَ ٱللَّهِ شَدِيدٌ ٢ وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن

نشے میں | لیکن | عذاب | اللہ کا | بہت سخت ہوگا | ٢٢:٢ | اور کوئی | لوگوں میں سے | جو

يُجَٰدِلُ فِي ٱللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَٰنٍ مَّرِيدٍ ٣

جھگڑتا ہے | میں | اللہ کے بارے | بغیر | علم کے | اور پیروی کرتا ہے | ہر | شیطان کی | سرکش | ٢٢:٣

كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُۥ مَن تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُۥ يُضِلُّهُۥ وَيَهْدِيهِ

لکھ دیا گیا | اس پر | کہ بیشک وہ | جو | اس کو دوست بنائے گا | تو بیشک وہ | اس کو بہکا دے گا | اور رہنمائی کرے گا اس کی

إِلَىٰ عَذَابِ ٱلسَّعِيرِ ٤ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ

کی طرف | عذاب | جلنے کے | ٢٢:٤ | اے | لوگو | اگر | ہو تم | میں | شک

مِّنَ ٱلْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَٰكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ

میں | دوبارہ جی اٹھنے | تو بیشک | ہم نے پیدا کیا تم کو | سے | مٹی | پھر | سے | نطفے

ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ

پھر | سے | خون کی پھٹکی | پھر | سے | گوشت کے لوتھڑے (سے) | صورت دیا گیا | اور بے | نقشہ - بے صورت دیا گیا | تاکہ ہم بیان کریں

لَكُمْۚ وَنُقِرُّ فِي ٱلْأَرْحَامِ مَا نَشَآءُ إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

تمہارے لئے | اور ہم ٹھہراتے ہیں | میں | رحموں | جو | ہم چاہتے ہیں | تک | وقت | مقرر کے | پھر

نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوٓاْ أَشُدَّكُمْۖ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ

ہم نکال لاتے ہیں تم کو | بچے کی شکل میں | پھر | تاکہ تم پہنچو | اپنے کمال کو - پوری جوانی کو | اور تم میں سے کوئی | جو | فوت کیا جاتا ہے

وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَىٰٓ أَرْذَلِ ٱلْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنۢ

اور تم میں سے کوئی | جو | لوٹایا جاتا ہے | طرف | ناکارہ | عمر کے | تاکہ نہ | جانے | سے

بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔاۚ وَتَرَى ٱلْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَآ أَنزَلْنَا عَلَيْهَا

بعد | علم کے | کچھ بھی | اور تم دیکھتے ہو | زمین کو | خشک ہے | تو جب | اتارتے ہیں ہم | اس پر

ٱلْمَآءَ ٱهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنۢبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ ٥

پانی | ہل جاتی ہے - پھبک اٹھتی ہے | اور پھول جاتی ہے - بڑھ جاتی ہے | اور اگاتی ہے | سے | ہر | قسم کی - کے | رونق والے (نباتات) | ٢٢:٥

۱. لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو! بلاشبہ قیامت کا زلزلہ بہت بڑی چیز ہے۔

۲. جس دن تم اسے دیکھ لو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائے گی اور تمام حمل والیوں کے حمل گر جائیں گے اور تو دیکھے گا کہ لوگ مد ہوش، دکھائی دیں گیں، حالانکہ درحقیقت وہ متوالے نہ ہونگے لیکن اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے۔

۳. بعض لوگ اللہ کے بارے میں باتیں بناتے ہیں اور وہ بھی بےعلمی کے ساتھ اور ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔

٤. جس پر (قضائے الٰہی) لکھ دی گئی ہے کہ جو کوئی اس کی رفاقت کرے گا وہ اسے گمراہ کر دے گا اور اسے آگ کے عذاب کی طرف لے جائے گا۔

۵. لوگو! اگر تمہیں مرنے کے بعد جی اٹھنے میں شک ہے تو سوچو ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر خون بستہ سے پھر گوشت کے لوتھڑے سے جو صورت دیا گیا تھا اور وہ بےنقشہ تھا، یہ ہم تم پر ظاہر کر دیتے ہیں اور ہم جسے چاہیں ایک ٹھہرائے ہوئے وقت تک رحم مادر میں رکھتے ہیں، پھر تمہیں بچپن کی حالت میں دنیا میں لاتے ہیں تاکہ تم اپنی پوری جوانی کو پہنچو، تم میں سے بعض تو وہ ہیں جو فوت کر لئے جاتے ہیں اور بعض بےغرض عمر کی طرف پھر سے لوٹا دئیے جاتے ہیں کہ وہ ایک چیز سے باخبر ہونے کے بعد پھر بےخبر ہو جائے۔ تو دیکھتا ہے کہ زمین بنجر اور خشک ہے پھر جب ہم اس پر بارش برساتے ہیں تو وہ ابھرتی ہے اور پھولتی ہے اور ہر قسم کی رونق دار نباتات اگاتی ہے۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلْحَقُّ وَأَنَّهُۥ يُحْىِ ٱلْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُۥ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ

یہ | بوجہ اس کے کہ بیشک | اللہ تعالیٰ | وہی | حق ہے | اور بیشک وہ | زندہ کرے گا | مردوں کو | اور بیشک وہ | پر | ہر | چیز

قَدِيرٌ ﴿٦﴾ وَأَنَّ ٱلسَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ ٱللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِى

قدرت رکھنے والا ہے | ۲۲:۶ | اور بیشک | قیامت | آنے والی ہے | نہیں | کوئی شک | اس میں | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | اٹھائے گا | جو | میں ہیں

ٱلْقُبُورِ ﴿٧﴾ وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يُجَٰدِلُ فِى ٱللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى

قبروں | ۲۲:۷ | کوئی | اور لوگوں میں سے | جو | جھگڑتا ہے | بارے میں | اللہ کے | بغیر | علم کے | اور بغیر | رہنمائی کے

وَلَا كِتَٰبٍ مُّنِيرٍ ﴿٨﴾ ثَانِىَ عِطْفِهِۦ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ۖ لَهُۥ فِى

اور بغیر | کتاب | روشن کے | ۲۲:۸ | موڑنے والا ہے | شانے اپنے - کندھے اپنے - پہلو اپنا | تاکہ بھٹکا دے | سے | راستے | اللہ کے | اس کے لئے | میں

ٱلدُّنْيَا خِزْىٌ ۖ وَنُذِيقُهُۥ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ عَذَابَ ٱلْحَرِيقِ ﴿٩﴾ ذَٰلِكَ

دنیا | رسوائی ہے | اور ہم چکھائیں گے اس کو | دن | قیامت کے | عذاب | جلنے کا | ۲۲:۹ | یہ

بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّٰمٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿١٠﴾ وَمِنَ ٱلنَّاسِ

بوجہ اس کے | جو آگے بھیجا | تیرے دونوں ہاتھوں نے | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | نہیں ہے | ظلم کرنے والا | بندوں کے لئے | ۲۲:۱۰ | اور کوئی | لوگوں میں سے

مَن يَعْبُدُ ٱللَّهَ عَلَىٰ حَرْفٍ ۖ فَإِنْ أَصَابَهُۥ خَيْرٌ ٱطْمَأَنَّ بِهِۦ ۖ وَإِنْ

جو | عبادت کرتے ہیں | اللہ کی | پر | کنارے | پھر اگر | پہنچے اس کو | کوئی بھلائی | مطمئن ہوجاتا ہے | اس پر | اور اگر

أَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ ٱنقَلَبَ عَلَىٰ وَجْهِهِۦ خَسِرَ ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةَ ۚ ذَٰلِكَ

پہنچے اس کو | کوئی آزمائش | پلٹ جاتا ہے | پر | اپنے چہرے | نقصان اٹھایا | دنیا کا | اور آخرت کا | یہ ہے

هُوَ ٱلْخُسْرَانُ ٱلْمُبِينُ ﴿١١﴾ يَدْعُوا۟ مِن دُونِ ٱللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُۥ

وہ | جو دراصل خسارہ ہے | کھلا - صریح | ۲۲:۱۱ | پکارتا ہے | سوا | اللہ کے | اس کو نہیں دیتا | نقصان اس کو

وَمَا لَا يَنفَعُهُۥ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلضَّلَٰلُ ٱلْبَعِيدُ ﴿١٢﴾ يَدْعُوا۟ لَمَن

اور جو | نہ | اس کو جو فائدہ دیتا ہے اس کو | یہی | (جو) | گمراہی ہے | کھلی | ۲۲:۱۲ | پکارتا ہے | البتہ اس کو جو

ضَرُّهُۥٓ أَقْرَبُ مِن نَّفْعِهِۦ ۚ لَبِئْسَ ٱلْمَوْلَىٰ وَلَبِئْسَ ٱلْعَشِيرُ ﴿١٣﴾

اس کا نقصان | زیادہ قریب ہے | سے | اس کے نفع | یقینا کتنا برا ہے | مددگار | اور یقینا کتنا برا ہے | ساتھی - قرابت دار | ۲۲:۱۳

إِنَّ ٱللَّهَ يُدْخِلُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ جَنَّٰتٍ

بیشک | اللہ تعالیٰ | داخل کرے گا | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے | باغوں میں

تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ﴿١٤﴾ مَن كَانَ

بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | بیشک | اللہ تعالیٰ | کرتا ہے | جو وہ | چاہتا ہے | ۲۲:۱۴ | جو کوئی | ہے

يَظُنُّ أَن لَّن يَنصُرَهُ ٱللَّهُ فِى ٱلدُّنْيَا وَٱلْءَاخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى

یہ سمجھتا | کہ | ہرگز نہ | مدد کرے گا اس کی | اللہ | میں | دنیا | اور آخرت میں | پس چاہئیے کہ کھینچ لائے | ایک رسی | تک

ٱلسَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُۥ مَا يَغِيظُ ﴿١٥﴾

آسمان | پھر | چاہیئے کہ وہ کاٹ ڈالے | پھر چاہیئے کہ دیکھے | کیا | لے جائے گا - جاتا ہے | اس کا مکر | جو ہے | غصہ دلاتا | ۲۲:۱۵



۶. یہ اس لئے کہ اللہ ہی حق ہے اور وہی مردوں کو جلاتا ہے اور ہر ہرچیز پر قدرت رکھنے والا ہے ۔

۷. اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی شک و شبہ نہیں اور یقیناً اللہ تعالیٰ قبروں والوں کو دوبارہ زندہ فرمائے گا ۔

۸. بعض لوگ اللہ کے بارے میں بغیر علم کے بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن دلیل کے جھگڑتے ہیں ۔

۹. جو اپنی پہلو موڑنے والا بن کر ، اس لئے کہ اللہ کی راہ سے بہکا دے ، اسے دنیا میں رسوائی ہوگی اور قیامت کے دن بھی ہم اسے جہنم میں جلنے کا عذاب چکھائیں گے ۔

۱۰. یہ ان اعمال کی وجہ سے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیج رکھے تھے ۔ یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ۔

۱۱. بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ ایک کنارے پر (کھڑے) ہو کر اللہ کی عبادت کرتے ہیں ۔ اگر کوئی نفع مل گیا تو دلچسپی لینے لگتے ہیں اور اگر کوئی آفت آگئی تو اسی وقت منہ پھیر لیتے ہیں ، انہوں نے دونوں جہان کا نقصان اٹھا لیا واقع یہ کھلا نقصان ہے ۔

۱۲. اللہ کے سوا وہ انہیں پکارتے ہیں جو نہ انہیں نقصان پہنچا سکیں نہ نفع ۔ یہی تو دور دراز کی گمراہی ہے ۔

۱۳. اسے پکارتے ہیں جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے ، یقیناً برے والی ہیں اور برے ساتھی۔

۱۴. ایمان اور نیک اعمال والوں کو اللہ تعالیٰ لہریں لیتی ہوئی نہروں والی جنتوں میں لے جائے گا ۔ اللہ جو ارادہ کرے اسے کرکے رہتا ہے ۔

۱۵. جس کا خیال یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی مدد دونوں جہان میں نہ کرے گا وہ اونچائی پر ایک رسہ باندھ کر (اپنے حلق میں پھندا ڈال کر اپنا گلا گھونٹ لے) پھر دیکھ لے کہ اس کی چالاکیوں سے وہ بات ہٹ جاتی ہے جو اسے تڑپا رہی ہے ؟

وَكَذَٰلِكَ أَنزَلۡنَٰهُ ءَايَٰتِۭ بَيِّنَٰتٖ وَأَنَّ ٱللَّهَ يَهۡدِي مَن يُرِيدُ

اور اسی طرح | نازل کیا ہم نے اس کو | نشانیاں | کھلی | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | ہدایت دیتا ہے | جس کو | وہ چاہتا ہے

١٦ إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَٱلَّذِينَ هَادُواْ وَٱلصَّٰبِـِٔينَ وَٱلنَّصَٰرَىٰ

۲۲:۱۶ بیشک | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور وہ لوگ | جو یہودی ہوگئے | اور جو صابی ہیں | اور جو نصاریٰ ہیں

وَٱلۡمَجُوسَ وَٱلَّذِينَ أَشۡرَكُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ يَفۡصِلُ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ

اور مجوسی ہیں | اور وہ لوگ | جنہوں نے شرک کیا | بیشک | اللہ تعالیٰ | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان | دن

ٱلۡقِيَٰمَةِۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ شَهِيدٌ ١٧ أَلَمۡ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ

قیامت کے | بیشک | اللہ | پر | ہر | چیز (پر) | گواہ ہے | ۲۲:۱۷ | کیا تم نے | دیکھا نہیں | بیشک | اللہ تعالیٰ (کو)

يَسۡجُدُۤ لَهُۥ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَن فِي ٱلۡأَرۡضِ وَٱلشَّمۡسُ

سجدہ کر رہے ہیں | اس کو | جو (کچھ) | میں ہیں | آسمانوں | اور جو (کچھ) | میں ہیں | زمین | اور سورج

وَٱلۡقَمَرُ وَٱلنُّجُومُ وَٱلۡجِبَالُ وَٱلشَّجَرُ وَٱلدَّوَآبُّ وَكَثِيرٞ مِّنَ

اور چاند | اور ستارے | اور پہاڑ | اور درخت | اور جانور | اور بہت سے | میں سے

ٱلنَّاسِۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيۡهِ ٱلۡعَذَابُۗ وَمَن يُهِنِ ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِن

لوگوں | اور بہت سے | ثابت ہوگیا- چسپاں ہوگیا | اس پر | عذاب | اور جس کو | رسوا کردے | اللہ | تو نہیں | اس کے لئے | کوئی

مُّكۡرِمٍۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَفۡعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ١٨ ۞ هَٰذَانِ خَصۡمَانِ

عزت دینے والا | بیشک | اللہ تعالیٰ | کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | ۲۲:۱۸ | یہ | وہ گروہ ہیں

سجدة | ۱/٤ الحزب ۳٤

ٱخۡتَصَمُواْ فِي رَبِّهِمۡۖ فَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ قُطِّعَتۡ لَهُمۡ ثِيَابٞ

جنہوں نے جھگڑا کیا | میں | اپنے رب کے بارے | تو وہ لوگ جنہوں نے | کفر کیا | کاٹے جاچکے ہیں- کاٹے جائیں گے | ان کے لئے | کپڑے

مِّن نَّارٖ يُصَبُّ مِن فَوۡقِ رُءُوسِهِمُ ٱلۡحَمِيمُ ١٩ يُصۡهَرُ بِهِۦ

سے | آگ | ڈالا جائے گا | سے | اوپر | ان کے سروں کے | کھولتا پانی | ۲۲:۱۹ | گلا دے گا | ساتھ اس کے

مَا فِي بُطُونِهِمۡ وَٱلۡجُلُودُ ٢٠ وَلَهُم مَّقَٰمِعُ مِنۡ حَدِيدٖ ٢١ كُلَّمَآ

جو | میں ہے | ان کے پیٹوں | اور کھالیں | ۲۲:۲۰ | اور ان کے لئے | گرز ہوں گے- کوڑے ہوں گے | سے | لوہا | ۲۲:۲۱ | جب کبھی- بھی

أَرَادُوٓاْ أَن يَخۡرُجُواْ مِنۡهَا مِنۡ غَمٍّ أُعِيدُواْ فِيهَا وَذُوقُواْ عَذَابَ

وہ چاہیں گے | کہ | وہ نکل سکیں | اس میں سے | سے | غم کی وجہ (سے) | لوٹا دیئے جائیں گے | اسی میں | اور چکھو | عذاب

ٱلۡحَرِيقِ ٢٢ إِنَّ ٱللَّهَ يُدۡخِلُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ

جلنے کا | ۲۲:۲۲ | بیشک | اللہ تعالیٰ | داخل کرے گا | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے

جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ يُحَلَّوۡنَ فِيهَا مِنۡ

باغات میں | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | وہ آراستہ کئے جائیں گے | اس میں | سے

أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٖ وَلُؤۡلُؤٗاۖ وَلِبَاسُهُمۡ فِيهَا حَرِيرٞ ٢٣

کنگنوں | سے | سونے | اور موتی | اور ان کا لباس | اس میں | ریشم ہوگا | ۲۲:۲۳

۱۶. ہم نے اس طرح اس قرآن کو واضح آیتوں میں اتارا ہے۔ جسے اللہ چاہے ہدایت نصیب فرماتا ہے۔

۱۷. ایمان دار اور یہودی اور صابی اور نصرانی اور مجوسی اور مشرکین ان سب کے درمیان قیامت کے دن خود اللہ تعالیٰ فیصلہ کرے گا، اللہ تعالیٰ ہر ہرچیز پر گواہ ہے۔

۱۸. کیا تو نہیں دیکھ رہا کہ اللہ کے سامنے سجدے میں ہیں سب آسمانوں والے اور سب زمینوں والے اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت سے انسان بھی ہاں بہت سے وہ بھی ہیں جن پر عذاب کا مقولہ ثابت ہو چکا ہے، جسے رب ذلیل کر دے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں، اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

۱۹. یہ دونوں اپنے رب کے بارے میں اختلاف کرنے والے ہیں، پس کافروں کے لئے تو آگ کے کپڑے ناپ کر کاٹے جائیں گے، اور ان کے سروں کے اوپر سے سخت کھولتا ہوا پانی بہایا جائے گا۔

۲۰. جس سے ان کے پیٹ کی سب چیزیں اور کھالیں گلا دی جائیں گی۔

۲۱. اور ان کی سزا کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہیں۔

۲۲. یہ جب بھی وہاں کے غم سے نکل بھاگنے کا ارادہ کریں گے وہیں لوٹا دیئے جائیں گے اور (کہا جائے گا) جلنے کا عذاب چکھو۔

۲۳. ایمان والوں اور نیک کام والوں کو اللہ تعالیٰ ان جنتوں میں لے جائے گا جن کے نیچے سے نہریں لہریں بہہ رہی ہیں، جہاں وہ سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور سچے موتی بھی۔ وہاں ان کا لباس خالص ریشم کا ہوگا۔

وَهُدُوٓاْ إِلَى ٱلطَّيِّبِ مِنَ ٱلْقَوْلِ وَهُدُوٓاْ إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلْحَمِيدِ

اور وہ رہنمائی کردیئے گئے | طرف | پاکیزہ کے | میں سے | بات | اور وہ رہنمائی کردیئے گئے | طرف | راستے کے | قابل تعریف

﴿٢٤﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلْمَسْجِدِ

۲۲:۲۴ | بیشک | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | اور وہ روکتے ہیں | سے | راستے | اللہ کے | اور مسجد

ٱلْحَرَامِ ٱلَّذِي جَعَلْنَٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءً ٱلْعَٰكِفُ فِيهِ وَٱلْبَادِ

حرام سے | وہ جو | بنایا ہم نے اس کو | لوگوں کے لئے | برابر ہیں | رہنے والے ۔ مقیم | اس میں | اور باہر سے آنے والے

وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ

اور جو کوئی | چاہے گا ۔ ارادہ کرے گا | اس میں | الحاد کا ۔ کج روی کا | ظلم کے ساتھ | ہم چکھائیں گے اس کو | میں سے | عذاب | دردناک

﴿٢٥﴾ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَٰهِيمَ مَكَانَ ٱلْبَيْتِ أَن لَّا تُشْرِكْ

۲۲:۲۵ | اور جب | جگہ مقرر کے دی ہم نے | ابراہیم کے لئے | جگہ | گھر کی | کہ | نہ | تم شریک ٹھہراؤ

بِي شَيْـًٔا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِينَ وَٱلْقَآئِمِينَ وَٱلرُّكَّعِ

میرے ساتھ | کسی چیز کو | اور پاک کردو | میرے گھر کو | طواف کرنے والوں کے لئے | اور کھڑے رہنے والوں کے لئے | اور رکوع کرنے والوں کے لئے

ٱلسُّجُودِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّن فِي ٱلنَّاسِ بِٱلْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ

اور سجدہ کرنے والوں کے لئے | ۲۲:۲۶ | اور اعلان کردو | میں | لوگوں | حج کا | آئیں گے تیرے پاس | پیدل | اور اوپر

كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُواْ

ہر | لاغر اونٹ کے | آئیں گے | سے | ہر | کشادہ | دور (ہر کشادہ، دور کے راستے سے) | ۲۲:۲۷ | تاکہ وہ حاضر ہوں

مَنَٰفِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُواْ ٱسْمَ ٱللَّهِ فِيٓ أَيَّامٍ مَّعْلُومَٰتٍ

فائدہ کو | اپنے لئے (واسطے ان کے) | اور ذکر کریں | ۔ نام لیں | اللہ کا | میں | دنوں میں | معلوم

عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّنۢ بَهِيمَةِ ٱلْأَنْعَٰمِ ۖ فَكُلُواْ مِنْهَا

اوپر اس کے | جو | اس نے رزق دیا ان کو | میں سے | چوپائے کی قسم | مویشی | پس کھاؤ | اس میں سے

وَأَطْعِمُواْ ٱلْبَآئِسَ ٱلْفَقِيرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُواْ تَفَثَهُمْ

اور کھلاؤ | بھوکے کو | محتاج کو | ۲۲:۲۸ | پھر | چاہیے کہ دور کریں | اپنا میل

وَلْيُوفُواْ نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُواْ بِٱلْبَيْتِ ٱلْعَتِيقِ ﴿٢٩﴾

اور چاہیے کہ پورا کریں | اپنی نذروں کو | اور چاہیے کہ وہ طواف کریں | گھر کا | قدیم | ۲۲:۲۹

ذَٰلِكَ ۖ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَٰتِ ٱللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُۥ عِندَ

بات یہ ہے | اور جو | تعظیم کرے گا | حرمتوں کی | اللہ کی | تو وہ | بہتر ہے | اس کے لئے | نزدیک

رَبِّهِۦ ۗ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ ٱلْأَنْعَٰمُ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ ۖ

اس کے رب کے | اور حلال کیے گئے | تمہارے لئے | چوپائے | مگر | جو | پڑھے جاچکے ہیں | تم پر

فَٱجْتَنِبُواْ ٱلرِّجْسَ مِنَ ٱلْأَوْثَٰنِ وَٱجْتَنِبُواْ قَوْلَ ٱلزُّورِ ﴿٣٠﴾

پس بچو | گندگی سے | سے | بتوں کی | اور بچو | بولنے سے | جھوٹ | ۲۲:۳۰



**۲۴.** ان کی پاکیزہ بات کی رہنمائی کر دی گئی اور قابل صد تعریف راہ کی ہدایت کر دی گئی ۔

**۲۵.** جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکنے لگے اور اس حرمت والی مسجد سے بھی جسے ہم نے تمام لوگوں کے لئے مساوی کر دیا ہے وہیں کے رہنے والے ہوں یا باہر کے ہوں، جو بھی ظلم کے ساتھ وہاں دین حق سے پھر جانے کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے ۔

**۲۶.** جبکہ ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کے لئے کعبہ کے مکان کی جگہ مقرر کر دی اس شرط پر کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اور میرے گھر کو طواف قیام رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک صاف رکھنا ۔

**۲۷.** اور لوگوں میں حج کی منادی کر دے لوگ تیرے پاس پیادہ بھی آئیں گے اور دبلے پتلے اونٹوں پر بھی دور دراز کی تمام راہوں سے آئیں گے ۔

**۲۸.** اپنے فائدے حاصل کرنے کو آجائیں اور ان مقررہ دنوں میں اللہ کا نام یاد کریں ان چوپایوں پر جو پالتو ہیں، پس تم آپ بھی کھاؤ اور بھوکے فقیروں کو بھی کھلاؤ ۔

**۲۹.** پھر وہ اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں پوری کریں اور اللہ کے قدیم گھر کا طواف کریں

**۳۰.** یہ جو کوئی اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کرے اس کے اپنے لئے اس کے رب کے پاس بہتری ہے ۔ اور تمہارے لئے چوپائے جانور حلال کر دیئے گئے بجز ان کے جو تمہارے سامنے بیان کئے گئے ہیں پس تمہیں بتوں کی گندگی سے بچتے رہنا چاہیے اور جھوٹی بات سے بھی پرہیز کرنا چاہیے ۔

حُنَفَآءَ لِلَّهِ غَيۡرَ مُشۡرِكِينَ بِهِۦۚ وَمَن يُشۡرِكۡ بِٱللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ

یکسو ہوکر | اللہ کے لئے | نہ | شرک کرنے والے | ساتھ اس کے | اور جو | شریک ٹھہرائے گا | ساتھ اللہ کے | تو گویا کہ | وہ گر پڑا | سے

ٱلسَّمَآءِ فَتَخۡطَفُهُ ٱلطَّيۡرُ أَوۡ تَهۡوِي بِهِ ٱلرِّيحُ فِي مَكَانٖ سَحِيقٖ

آسمان | تو اچک لیا اس کو | پرندوں نے | یا | پھینک دیتی ہے اس کو | ہوا | میں | ایک جگہ | دور کی

٣١ ذَٰلِكَۖ وَمَن يُعَظِّمۡ شَعَٰٓئِرَ ٱللَّهِ فَإِنَّهَا مِن تَقۡوَى ٱلۡقُلُوبِ ٣٢

22:31 | بات یہ ہے | اور جو | تعظیم کرے گا | شعائر کی | اللہ کے | تو بیشک وہ | سے ہے | تقویٰ | دلوں کے | 22:32

لَكُمۡ فِيهَا مَنَٰفِعُ إِلَىٰٓ أَجَلٖ مُّسَمّٗى ثُمَّ مَحِلُّهَآ إِلَى ٱلۡبَيۡتِ ٱلۡعَتِيقِ

تمہارے لئے | اس میں | کچھ فائدے ہیں | تک | ایک وقت | مقرر | پھر | اس کی جگہ - حلال کرنے کی جگہ | کی طرف ہے | گھر | پرانے

٣٣ وَلِكُلِّ أُمَّةٖ جَعَلۡنَا مَنسَكٗا لِّيَذۡكُرُواْ ٱسۡمَ ٱللَّهِ عَلَىٰ

22:33 | اور ہر | امت کے لئے | بنائے ہم نے | قربانی کے طریقے - قربانی کا قاعدہ | تاکہ وہ ذکر کریں - یاد کریں | نام | اللہ کا | اوپر اس کے

مَا رَزَقَهُم مِّنۢ بَهِيمَةِ ٱلۡأَنۡعَٰمِۗ فَإِلَٰهُكُمۡ إِلَٰهٞ وَٰحِدٞ فَلَهُۥٓ

جو | اس نے رزق دیا ان کو | میں سے | جانوروں | مویشی | تو الہ تمہارا | الہ ہے | ایک | تو اس کے لئے

أَسۡلِمُواْۗ وَبَشِّرِ ٱلۡمُخۡبِتِينَ ٣٤ ٱلَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ ٱللَّهُ وَجِلَتۡ

مطیع ہوجاؤ - فرمانبردار بن جاؤ | اور خوشخبری دو | عاجزانہ روش اختیار کرنے والوں کو | 22:34 | وہ لوگ | جب | ذکر کیا جاتا ہے | اللہ کا | ڈر جاتے ہیں

قُلُوبُهُمۡ وَٱلصَّٰبِرِينَ عَلَىٰ مَآ أَصَابَهُمۡ وَٱلۡمُقِيمِي ٱلصَّلَوٰةِ

ان کے دل | اور صبر کرنے والوں کو | اوپر | اس کے جو | پہنچا ان کو | اور قائم کرنے والوں کو | نماز

وَمِمَّا رَزَقۡنَٰهُمۡ يُنفِقُونَ ٣٥ وَٱلۡبُدۡنَ جَعَلۡنَٰهَا لَكُم مِّن شَعَٰٓئِرِ

اور اس میں سے جو | رزق دیا ہم نے ان کو | وہ خرچ کرتے ہیں | 22:35 | اور قربانی کے اونٹ | بنایا ہم نے ان کو | تمہارے لئے | میں سے | نشانیوں

ٱللَّهِ لَكُمۡ فِيهَا خَيۡرٞۖ فَٱذۡكُرُواْ ٱسۡمَ ٱللَّهِ عَلَيۡهَا صَوَآفَّۖ فَإِذَا وَجَبَتۡ

اللہ کی | تمہارے لئے | اس میں | بھلائی ہے | پس یاد کرو | نام | اللہ کا | ان پر | قطار باندھے ہوئے | پھر جب | گرجائیں

جُنُوبُهَا فَكُلُواْ مِنۡهَا وَأَطۡعِمُواْ ٱلۡقَانِعَ وَٱلۡمُعۡتَرَّۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرۡنَٰهَا

ان کے پہلو - کروٹیں | تو کھاؤ | اس میں سے | اور کھلاؤ | قناعت کرنے والے کو | اور سوال کرنے والے کو | اسی طرح | ہم نے مسخر کیا ان کو

لَكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ ٣٦ لَن يَنَالَ ٱللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا

تمہارے لئے | تاکہ تم | تم شکر ادا کرو | 22:36 | ہرگز نہیں | پہنچتا | اللہ کو | ان کا گوشت | اور نہ | ان کے خون

وَلَٰكِن يَنَالُهُ ٱلتَّقۡوَىٰ مِنكُمۡۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمۡ لِتُكَبِّرُواْ

لیکن | پہنچتا ہے اس کو | تقوی | تم میں سے | اسی طرح | اس نے مسخر کیا اس کو | تمہارے لئے | تاکہ تم بڑائی بیان کرو

٢/٤ الحزب ٣٤ ٱللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَىٰكُمۡۗ وَبَشِّرِ ٱلۡمُحۡسِنِينَ ٣٧ ۞ إِنَّ ٱللَّهَ يُدَٰفِعُ

اللہ کی | اوپر اس کے | جو | اس نے ہدایت دی تم کو | اور خوشخبری دے دو | احسان کرنے والوں کو | 22:37 | بیشک | اللہ تعالیٰ | مدافعت کرتا ہے

عَنِ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٖ كَفُورٍ ٣٨

طرف سے | ان لوگوں کی | جو ایمان لائے | بیشک | اللہ تعالیٰ | نہیں | پسند کرتا | ہر | خیانت کار | ناشکرے کو | 22:38

**٣١.** اللہ کی توحید کو مانتے ہوئے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتے ہوئے۔ سنو! اللہ کے ساتھ شریک کرنے والا گویا آسمان سے گر پڑا، اب یا تو اسے پرندے اچک لے جائیں گے یا ہوا کسی دور دراز کی جگہ پھینک دے گی

**٣٢.** یہ سن لیا اب اور سنو! اللہ کی نشانیوں کی جو عزت و حرمت کرے اس کے دل کی پرہیزگاری کی وجہ سے یہ ہے۔

**٣٣.** ان میں تمہارے لئے ایک مقررہ وقت تک فائدہ ہے پھر ان کے حلال ہونے کی جگہ خانہ کعبہ ہے۔

**٣٤.** اور ہر امت کے لئے ہم نے قربانی کے طریقے مقرر فرمائے ہیں تاکہ چوپائے جانوروں پر اللہ کا نام لیں جو اللہ نے انہیں دے رکھے ہیں، سمجھ لو کہ تم سب کا معبود برحق صرف ایک ہی ہے تم اسی کے تابع فرمان ہو جاؤ عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجئے!

**٣٥.** انہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جائے ان کے دل تھرا جاتے ہیں، انہیں جو برائی پہنچے اس پر صبر کرتے ہیں، نماز قائم کرنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دے رکھا ہے وہ اس میں سے بھی دیتے رہتے ہیں۔

**٣٦.** قربانی کے اونٹ ہم نے تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کی نشانیاں مقرر کر دی ہیں ان میں تمہیں نفع ہے پس انہیں کھڑا کر کے ان پر اللہ کا نام لو، پھر جب ان کے پہلو زمین سے لگ جائیں اسے (خود بھی) کھاؤ اور مسکین سوال سے رکنے والوں اور کرنے والوں کو بھی کھلاؤ، اس طرح ہم نے چوپاؤں کو تمہارے ماتحت کر دیا ہے کہ تم شکر گزاری کرو۔

**٣٧.** اللہ تعالیٰ کو قربانیوں کے گوشت نہیں پہنچتے نہ ان کے خون بلکہ اسے تمہارے دل کی پرہیزگاری پہنچتی ہے اسی طرح اللہ نے جانوروں کو تمہارا مطیع کر دیا ہے کہ تم اس کی راہنمائی کے شکریئے میں اس کی بڑائیاں بیان کرو، اور نیک لوگوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔

**٣٨.** سن رکھو! یقیناً سچے مومنوں کے دشمنوں کو خود اللہ تعالیٰ ہٹا دیتا ہے، کوئی خیانت کرنے والا ناشکرا اللہ تعالیٰ کو ہرگز پسند نہیں۔

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ
اجازت دے دی گئی | ان لوگوں کو | جو جنگ کئے جاتے ہیں | کیونکہ وہ | ظلم کئے گئے | اور بیشک اللہ تعالیٰ | ان کی | مدد پر | البتہ قدرت رکھنے والا ہے ۔ قادر ہے

٣٩ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا
۲۲:۳۹ | وہ لوگ | جو نکالے گئے | سے | اپنے گھروں | نا | حق | مگر | یہ کہ | وہ کہتے ہیں

رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ
ہمارا رب | اللہ ہے | اور اگر نہ | دور کرتا | اللہ | لوگوں کو | ان میں سے بعض کو | بعض کے ذریعے | البتہ ڈھا دی جاتیں

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ
خانقاہیں | اور گرجے | اور معبد ۔ عبادت خانے | اور مسجدیں | ذکر کیا جاتا ہے | ان میں | نام | اللہ کا

كَثِيرًا ۗ وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ
بہت سے | اور البتہ ضرور مدد کرے گا | اللہ | اس کی جو مدد کرے گا اس کی | بیشک | اللہ تعالیٰ | یقینا قوت والا ہے

عَزِيزٌ ٤٠ الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ
زبردست ہے | ۲۲:۴۰ | وہ لوگ | اگر | قدرت دیں ہم ان کو | میں | زمین | وہ قائم کرتے ہیں | نماز کو

وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ ۗ
اور دیتے ہیں | زکوۃ کو | اور حکم دیتے ہیں | نیکی کا | اور روکتے ہیں | سے | برائی

وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ٤١ وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ
اور اللہ ہی کے لئے ہے | انجام | سب کاموں کا | ۲۲:۴۱ | اور اگر وہ | جھٹلائیں آپ کو ۔ جھٹلاتے ہیں آپ کو | تو تحقیق | جھٹلایا

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ ٤٢ وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ
ان سے پہلے | قوم | نوح نے | اور عاد نے | اور ثمود نے | ۲۲:۴۲ | اور قوم نے | ابراہیم کے | اور قوم نے

لُوطٍ ٤٣ وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ ۖ وَكُذِّبَ مُوسَىٰ فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ
لوط کے | ۲۲:۴۳ | اور والوں نے | مدین | اور جھٹلائے گئے | موسیٰ | تو میں نے ڈھیل دی | کافروں کو

ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ٤٤ فَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ
پھر | میں نے پکڑ لیا ان کو | تو کس طرح | ہوا | میرا عذاب ۔ میری سزا | ۲۲:۴۴ | تو کتنی ہی | میں سے | بستیوں

أَهْلَكْنَاهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ
ہلاک کیا ہم نے ان کو | اور وہ | ظالم تھیں | تو وہ | گری پڑی ہیں | پر | اپنی چھتوں (پر) | اور (کتنے) کنوئیں ہیں

مُّعَطَّلَةٍ وَقَصْرٍ مَّشِيدٍ ٤٥ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ
بے کار ۔ مسلسل ۔ ناکارہ | اور کتنے محل ہیں پختہ ۔ بلند کئے ہوئے | ۲۲:۴۵ | کیا بھلا نہیں | وہ چلے پھرے | میں | زمین | تو ہوتے

لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۖ فَإِنَّهَا
ان کے لیے | دل | سمجھتے ۔ عقل سے کام لیتے | ساتھ ان کے | یا | کان (ہوتے) | وہ سنتے | ساتھ ان کے | تو بیشک وہ (بات یہ ہے)

لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ ٤٦
نہیں | اندھے ہو جاتے ہیں | آنکھیں | لیکن | اندھے ہو جاتے ہیں | دل | وہ جو | میں ہیں | سینوں | ۲۲:۴۶



**۳۹.** جن (مسلمانوں) سے (کافر) جنگ کر رہے ہیں انہیں بھی مقابلے کی اجازت دی جاتی ہے کیونکہ وہ مظلوم ہیں، بیشک ان کی مدد پر اللہ قادر ہے۔

**۴۰.** یہ وہ ہیں جنہیں ناحق اپنے گھروں سے نکالا گیا، صرف ان کے اس قول پر کہ ہمارا پروردگار فقط اللہ ہے، اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو آپس میں ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجے اور مسجدیں اور یہودیوں کے معبد اور وہ مسجدیں بھی ڈھا دی جاتیں جہاں اللہ کا نام باکثرت لیا جاتا ہے۔ جو اللہ کی مدد کرے گا اللہ بھی ضرور اس کی مدد کرے گا۔ بیشک اللہ تعالیٰ بڑی قوتوں والا بڑے غلبے والا ہے

**۴۱.** یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم زمین میں ان کے پاؤں جما دیں تو یہ پوری پابندی سے نمازیں قائم کریں اور زکوٰتیں دیں اور اچھے کاموں کا حکم کریں اور برے کاموں سے منع کریں، تمام کاموں کا انجام اللہ کے اختیار میں ہے۔

**۴۲.** اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں (تو کوئی تعجب کی بات نہیں) تو ان سے پہلے نوح کی قوم عاد اور ثمود۔

**۴۳.** اور قوم ابراہیم اور قوم لوط۔

**۴۴.** اور مدین والے بھی اپنے اپنے نبیوں کو جھٹلا چکے ہیں۔ موسیٰ (علیہ السلام) بھی جھٹلائے جا چکے ہیں پس میں نے کافروں کو یوں ہی سی مہلت دی پھر دھر دبایا، پھر میرا عذاب کیسا ہوا۔

**۴۵.** بہت سی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے تہ و بالا کر دیا اس لئے کہ وہ ظالم تھے پس وہ اپنی چھتوں کے بل اوندھی ہوئی پڑی ہیں اور بہت سے آباد کنوئیں بیکار پڑے ہیں اور بہت سے پکے اور بلند محل ویران پڑے ہیں۔

**۴۶.** کیا انہوں نے زمین میں سیرو سیاحت نہیں کی جو ان کے دل ان باتوں کے سمجھنے والے ہوتے یا کانوں سے ہی ان (واقعات) کو سن لیتے، بات یہ ہے کہ صرف آنکھیں ہی اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِٱلْعَذَابِ وَلَن يُخْلِفَ ٱللَّهُ وَعْدَهُۥ ۚ وَإِنَّ يَوْمًا
اور وہ جلدی مانگتے ہیں آپ سے · عذاب · اور ہرگز نہ · خلاف کرے گا · اللہ · اپنے وعدے کے · اور بیشک · ایک دن

عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ﴿٤٧﴾ وَكَأَيِّن مِّن
نزدیک · تیرے رب کے · ایک ہزار مانند ہے · سال کی · اس سے جو · تم گنتے ہو۔ شمار کرتے ہو · ٢٢:٤٧ · اور کتنی ہی · میں سے

قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَىَّ ٱلْمَصِيرُ ﴿٤٨﴾
بستیوں · میں نے ڈھیل دی · ان کو · اور وہ · ظالم تھیں · پھر · میں نے پکڑ لیا ان کو · اور میری طرف ہی · پلٹنا ہے۔ لوٹنا ہے

قُلْ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِنَّمَآ أَنَا۠ لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٤٩﴾ فَٱلَّذِينَ
٢٢:٤٨ · کہہ دیجئے · اے · لوگو · بیشک · میں · تمہارے لئے · ڈرانے والا ہوں · کھلم کھلا · ٢٢:٤٩ · تو وہ لوگ

ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٥٠﴾
جو ایمان لائے · اور انہوں نے عمل کئے · اچھے · ان کے لئے · بخشش ہے · اور رزق ہے · عزت والا · ٢٢:٥٠

وَٱلَّذِينَ سَعَوْا۟ فِىٓ ءَايَٰتِنَا مُعَٰجِزِينَ أُو۟لَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ
اور وہ لوگ · جنہوں نے سعی کی · میں · ہماری آیات · عاجز کرنے والے۔ ہرانے والے (ہوکر) · یہی لوگ · والے ہیں

ٱلْجَحِيمِ ﴿٥١﴾ وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِىٍّ إِلَّآ
جہنم · ٢٢:٥١ · اور نہیں · بھیجا ہم نے · آپ سے پہلے · کسی · رسول کو · اور نہ · کسی نبی کو · مگر

إِذَا تَمَنَّىٰٓ أَلْقَى ٱلشَّيْطَٰنُ فِىٓ أُمْنِيَّتِهِۦ فَيَنسَخُ ٱللَّهُ مَا يُلْقِى
جب وہ · تمنا کرتا ہے · ڈالتا ہے · شیطان · میں · اس کی تمنا · پس مٹا دیتا ہے · اللہ · جو · ڈالتا ہے

ٱلشَّيْطَٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ ٱللَّهُ ءَايَٰتِهِۦ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٥٢﴾ لِّيَجْعَلَ
شیطان · پھر · محکم کرتا ہے · اللہ · اپنی آیات کو · اور اللہ · علم والا ہے · حکمت والا ہے · ٢٢:٥٢ · تاکہ وہ بنا دے

مَا يُلْقِى ٱلشَّيْطَٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِينَ فِى قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَٱلْقَاسِيَةِ
اس کو جو · ڈالتا ہے · شیطان · ایک فتنہ · ان لوگوں کے لئے · میں · جن کے دلوں · کوئی بیماری ہے · اور سخت ہیں

قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ لَفِى شِقَاقٍۭ بَعِيدٍ ﴿٥٣﴾ وَلِيَعْلَمَ
دل ان کے · اور یقینا · ظالم لوگ · البتہ · مخالفت میں ہیں · دور کی · ٢٢:٥٣ · اور تاکہ جان لیں

ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْعِلْمَ أَنَّهُ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا۟ بِهِۦ
وہ لوگ · جو دیئے گئے · علم · کہ بیشک وہ · حق ہے · سے · تیرے رب کی طرف · پھر وہ ایمان لے آئیں · ساتھ اس کے

فَتُخْبِتَ لَهُۥ قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَهَادِ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِلَىٰ صِرَٰطٍ
پھر عاجزی کریں · اس کے لئے · ان کے دل · اور بیشک · اللہ تعالیٰ · البتہ راہ دکھانے والا ہے · ان لوگوں کو · جو ایمان لائے · کی طرف · راستے

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٤﴾ وَلَا يَزَالُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ فِى مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتَّىٰ
سیدھے · ٢٢:٥٤ · اور ہوتے ہی رہیں گے · وہ لوگ · جنہوں نے کفر کیا · میں · شک · اس سے · یہاں تک کہ

تَأْتِيَهُمُ ٱلسَّاعَةُ بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ ﴿٥٥﴾
آجائے گی ان کے پاس · گھڑی (قیامت کی) · اچانک · یا · آجائے گا ان کے پاس · عذاب · دن کا · نحس · ٢٢:٥٥

**٤٧.** اور عذاب کو آپ سے جلدی طلب کر رہے اللہ ہرگز اپنا وعدہ نہیں ٹالے گا۔ ہاں البتہ آپ کے رب کے نزدیک ایک دن تمہاری گنتی کے اعتبار سے ایک ہزار سال کا ہے۔

**٤٨.** بہت سی ظلم کرنے والی بستیوں کو میں نے ڈھیل دی پھر آخر انہیں پکڑ لیا، اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے

**٤٩.** اعلان کر دو کہ لوگو! میں تمہیں کھلم کھلا چوکنا کرنے والا ہی ہوں۔

**٥٠.** پس جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ہیں ان ہی کے لئے بخشش ہے اور عزت والی روزی۔

**٥١.** اور جو لوگ ہماری نشانیوں کو پست کرنے کے درپے رہتے ہیں وہی دوزخی ہیں۔

**٥٢.** ہم نے آپ سے پہلے جس رسول اور نبی کو بھیجا اس کے ساتھ یہ ہوا کہ جب وہ اپنے دل میں کوئی آرزو کرنے لگا شیطان نے اس کی آرزو میں کچھ ملا دیا، پس شیطان کی ملاوٹ کو اللہ تعالیٰ دور کر دیتا ہے پھر اپنی باتیں پکی کر دیتا ہے، اللہ تعالیٰ دانا اور باحکمت ہے۔

**٥٣.** یہ اس لئے کہ شیطانی ملاوٹ کو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی آزمائش کا ذریعہ بنا دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہیں، بیشک ظالم لوگ گہری مخالفت میں ہیں۔

**٥٤.** اور اس لئے بھی کہ جنہیں علم عطا فرمایا گیا ہے وہ یقین کرلیں کہ یہ آپ کے رب ہی کی طرف سے سراسر حق ہی ہے پھر اس پر ایمان لائیں اور ان کے دل اس کی طرف جھک جائیں، یقیناً اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو راہ راست پر رہبری کرنے والا ہے۔

**٥٥.** کافر اس وحی الٰہی میں ہمیشہ شک شبہ ہی کرتے رہیں گے حتیٰ کہ اچانک ان کے سروں پر قیامت آجائے یا ان کے پاس اس دن کا عذاب آجائے جو منحوس ہے۔

ٱلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۚ فَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
تمام ملکیت | اس دن | اللہ کے لئے ہے | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان | پس وہ لوگ | جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فِى جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ ﴿٥٦﴾ وَٱلَّذِينَ
اور انہوں نے عمل کئے | اچھے | میں ہوں گے | جنتوں | نعمت بھری | ٢٢:٥٦ | اور وہ لوگ

كَفَرُوا۟ وَكَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا فَأُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ
جنہوں نے کفر کیا | اور جھٹلایا | ہماری آیات کو | یہی لوگ | ان کے لئے | عذاب ہوگا

مُّهِينٌ ﴿٥٧﴾ وَٱلَّذِينَ هَاجَرُوا۟ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوٓا۟
رسوا کن | ٢٢:٥٧ | اور وہ لوگ | جنہوں نے ہجرت کی - جو ہجرت کریں | میں | راستے | اللہ کے | پھر | قتل کئے گئے

أَوْ مَاتُوا۟ لَيَرْزُقَنَّهُمُ ٱللَّهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَهُوَ
یا | خود مرگئے | البتہ ضرور رزق دے گا ان کو | اللہ | رزق | اچھا | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | البتہ وہ

خَيْرُ ٱلرَّٰزِقِينَ ﴿٥٨﴾ لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلًا يَرْضَوْنَهُۥ ۗ
بہترین | رازق ہے | ٢٢:٥٨ | البتہ وہ ضرور داخل کرے گا ان کو | داخل ہونے کی جگہ | وہ پسند کریں گے اس کو - وہ خوش ہوجائیں گے اس سے

٣/٤ الحزب ٣٤
وَإِنَّ ٱللَّهَ لَعَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿٥٩﴾ ۞ ذَٰلِكَ ۖ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ
اور بیشک | اللہ تعالیٰ | البتہ علم والا ہے | حلم والا ہے | ٢٢:٥٩ | یہ بات | اور جو کوئی | بدلہ لے | مانند اس کے

مَا عُوقِبَ بِهِۦ ثُمَّ بُغِىَ عَلَيْهِ لَيَنصُرَنَّهُ ٱللَّهُ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ
جو | سزا دی گئی | اس کو | پھر | زیادتی کی گئی | اس پر | البتہ ضرور مدد کرے گا اس کی | اللہ | بیشک | اللہ تعالیٰ

لَعَفُوٌّ غَفُورٌ ﴿٦٠﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ يُولِجُ ٱلَّيْلَ فِى
البتہ معاف کرنے والا ہے - درگزر فرمانے والا ہے | بخشش فرمانے والا ہے | ٢٢:٦٠ | یہ بات | بوجہ اس کے کہ بیشک | اللہ تعالیٰ | داخل کرتا ہے | رات کو | میں

ٱلنَّهَارِ وَيُولِجُ ٱلنَّهَارَ فِى ٱلَّيْلِ وَأَنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌۢ
دن | اور داخل کرتا ہے | دن کو | میں | رات | اور بیشک | اللہ | سننے والا ہے

بَصِيرٌ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ
دیکھنے والا ہے | ٢٢:٦١ | یہ بات | بوجہ اس کے کہ بیشک | اللہ تعالیٰ | وہی | حق ہے | اور بیشک | جن کو | وہ پکارتے ہیں

مِن دُونِهِۦ هُوَ ٱلْبَٰطِلُ وَأَنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلْعَلِىُّ ٱلْكَبِيرُ ﴿٦٢﴾
اس کے سوا | وہ | باطل ہے | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | وہی | بلند ہے | بہت بڑا ہے | ٢٢:٦٢

أَلَمْ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ أَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ ٱلْأَرْضُ
کیا نہیں | تم نے دیکھا | کہ بیشک | اللہ تعالیٰ | اس نے اتارا | سے | آسمان | پانی | تو ہوجاتی ہے | زمین

مُخْضَرَّةً ۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿٦٣﴾ لَّهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
خوب سبز | بیشک | اللہ تعالیٰ | باریک بین ہے | خبر رکھنے والا ہے | ٢٢:٦٣ | اسی کے لئے ہے | جو | میں ہے | آسمانوں

وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۗ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَهُوَ ٱلْغَنِىُّ ٱلْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾
اور جو | میں ہے | زمین | اور بیشک | اللہ تعالیٰ | یقینا وہ | بے نیاز ہے | قابل تعریف ہے | ٢٢:٦٤

٥٦. اس دن صرف اللہ کی بادشاہی ہوگی، وہی ان میں فیصلے فرمائے گا، ایمان اور نیک عمل والے تو نعمتوں سے بھری جنتوں میں ہوں گے۔

٥٧. اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کے لئے ذلیل کرنے والے عذاب ہیں۔

٥٨. اور جن لوگوں نے راہ خدا میں ترک وطن کیا پھر وہ شہید کر دیئے گئے یا اپنی موت مر گئے، اللہ تعالیٰ انہیں بہترین رزق عطا فرمائے گا، بیشک اللہ تعالیٰ روزی دینے والوں میں سب سے بہتر ہے۔

٥٩. انہیں اللہ تعالیٰ ایسی جگہ پہنچائے گا کہ وہ اس سے راضی ہوجائیں گے، بیشک اللہ تعالیٰ بردباری والا ہے۔

٦٠. بات یہی ہے، اور جس نے بدلہ لیا اسی کے برابر جو اس کے ساتھ کیا گیا تھا پھر اگر اس سے زیادتی کی جائے تو یقیناً اللہ تعالیٰ خود اس کی مدد فرمائے گا، بیشک اللہ درگزر کرنے والا بخشنے والا ہے

٦١. یہ اس لئے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

٦٢. یہ سب اس لئے کہ اللہ ہی حق ہے اور اس کے سوا جسے بھی پکارتے ہیں وہ باطل ہے بیشک اللہ ہی بلندی والا کبریائی والا ہے۔

٦٣. کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برساتا ہے، پس زمین سر سبز ہو جاتی ہے، بیشک اللہ تعالیٰ مہربان اور باخبر ہے۔

٦٤. آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے، اور یقیناً اللہ وہی ہے بے نیاز تعریفوں والا۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِى ٱلْأَرْضِ وَٱلْفُلْكَ تَجْرِى
کیا تم نے دیکھا نہیں بیشک اللہ تعالیٰ اس نے مسخر کیا تمہارے لئے جو میں ہے زمین اور کشتی چلتی ہے

فِى ٱلْبَحْرِ بِأَمْرِهِۦ وَيُمْسِكُ ٱلسَّمَآءَ أَن تَقَعَ عَلَى ٱلْأَرْضِ إِلَّا
میں سمندر اس کے حکم کے ساتھ اور وہ تھامے ہوئے ہے آسمان کو اس لئے کہ (وہ) گرپڑے پر زمین مگر

بِإِذْنِهِۦٓ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ بِٱلنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ ٱلَّذِىٓ
اس کے اذن کے ساتھ بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں کے ساتھ البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے ۲۲:۶۵ اور وہ اللہ وہ ذات ہے

أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ ٱلْإِنسَـٰنَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾
جس نے زندہ کیا تم کو پھر وہ موت دے گا تم کو پھر وہ زندہ کرے گا تم کو یقینا انسان البتہ ناشکرا ہے ۲۲:۶۶

لِّكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَـٰزِعُنَّكَ
ہر امت کے لئے مقرر کیا ہم نے طریق عبادت وہ عبادت کرنے والے ہوئے ہیں اس کی تو نہ جھگڑیں وہ تجھ سے

فِى ٱلْأَمْرِ ۚ وَٱدْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾
میں معاملے اور دعوت دو طرف اپنے رب کی بیشک آپ البتہ اوپر ہدایت کے ہیں سیدھی ۲۲:۶۷

وَإِن جَـٰدَلُوكَ فَقُلِ ٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ ٱللَّهُ يَحْكُمُ
اور اگر وہ جھگڑا کریں تجھ سے تو کہہ دیجئے کہ اللہ زیادہ جانتا ہے ساتھ اس کے جو تم عمل کرتے ہو ۲۲:۶۸ اللہ تعالیٰ فیصلہ کرے گا

بَيْنَكُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾
تمہارے درمیان دن قیامت کے اس معاملے میں جو تھے تم اس میں تم اختلاف کرتے ۲۲:۶۹

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ ٱللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِى ٱلسَّمَآءِ وَٱلْأَرْضِ ۗ إِنَّ
کیا تم نے جانا نہیں بیشک اللہ تعالیٰ وہ جانتا ہے جو میں ہے آسمان و زمین بیشک

ذَٰلِكَ فِى كِتَـٰبٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ
یہ میں ہے ایک کتاب بیشک یہ پر اللہ آسان ہے ۲۲:۷۰ اور وہ عبادت کرتے ہیں

مِن دُونِ ٱللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِۦ سُلْطَـٰنًا وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِۦ
سوا اللہ کے (سوا) اس کی جو نہیں اس نے اتاری ساتھ اس کے کوئی دلیل اور جو نہیں ان کے لئے اس کا کوئی

عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّـٰلِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ءَايَـٰتُنَا
علم اور نہیں ظالموں کے لئے کوئی مددگار ۲۲:۷۱ اور جب پڑھی جاتی ہیں ان پر ہماری آیات

بَيِّنَـٰتٍ تَعْرِفُ فِى وُجُوهِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ٱلْمُنكَرَ ۖ يَكَادُونَ
روشن تم پہچان سکتے ہو میں چہروں ان لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا ناگواری کو۔ ناخوشی کو قریب ہیں

يَسْطُونَ بِٱلَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ ءَايَـٰتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن
وہ حملہ کردیں ان لوگوں پر جو پڑھتے ہیں ان پر ہماری آیات کہہ دیجئے کیا بھلا میں بتاؤں تم کو بری چیز سے

ذَٰلِكُمُ ۗ ٱلنَّارُ وَعَدَهَا ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾
اس آگ وعدہ کیا ہے اس کا اللہ نے ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا اور کتنا برا ہے ٹھکانہ ۲۲:۷۲

.٦٥ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی نے زمین کی تمام چیزیں تمہارے لئے مسخر کر دی ہیں اور اس کے فرمان سے پانی میں چلتی ہوئی کشتیاں بھی۔ وہی آسمان کو تھامے ہوئے ہے کہ زمین پر اس کی اجازت کے بغیر گر نہ پڑے، بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر شفقت و نرمی کرنے والا اور مہربان ہے۔

.٦٦ اسی نے تمہیں زندگی بخشی، پھر وہی تمہیں مار ڈالے گا پھر وہی تمہیں زندہ کرے گا، بیشک انسان البتہ ناشکرا ہے۔

.٦٧ ہر امت کے لئے ہم نے عبادت کا ایک طریقہ مقرر کر دیا ہے، جسے وہ بجا لانے والے ہیں، پس انہیں اس امر میں آپ سے جھگڑا نہ کرنا چاہیے، آپ اپنے پروردگار کی طرف لوگوں کو بلائیے۔ یقیناً آپ ٹھیک ہدایت پر ہی ہیں۔

.٦٨ پھر بھی اگر یہ لوگ آپ سے الجھنے لگیں تو آپ کہہ دیں کہ تمہارے اعمال سے اللہ بخوبی واقف ہے۔

.٦٩ بیشک تمہارے سب کے اختلاف کا فیصلہ قیامت والے دن اللہ تعالیٰ آپ کرے گا۔

.٧٠ کیا آپ نے نہیں جانا کہ آسمان و زمین کی ہرچیز اللہ کے علم میں ہے۔ یہ سب لکھی ہوئی کتاب میں محفوظ ہے۔ اللہ تعالیٰ پر تو یہ امر بالکل آسان ہے۔

.٧١ اور یہ اللہ کے سوا ان کی عبادت کر رہے ہیں جس کی کوئی خدائی دلیل نازل نہیں ہوئی نہ وہ خود ہی اس کا کوئی علم رکھتے ہیں۔ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

.٧٢ جب ان کے سامنے ہمارے کلام کی کھلی ہوئی آیتوں کی تلاوت کی جاتی ہے تو آپ کافروں کے چہروں پر ناخوشی کے صاف آثار پہچان لیتے ہیں۔ وہ قریب ہوتے ہیں کہ ہماری آیتیں سنانے والوں پر حملہ کر بیٹھیں، کہہ دیجئے کہ کیا میں تمہیں اس سے بھی زیادہ بدتر خبر دوں۔ وہ آگ ہے، جس کا وعدہ اللہ نے کافروں سے کر رکھا ہے، (۳) اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَٱسْتَمِعُوا۟ لَهُۥٓ ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ
اے لوگو بیان کی گئی ہے ایک مثال پس غور سے سنو اس کو بیشک وہ ہستیاں

تَدْعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ لَن يَخْلُقُوا۟ ذُبَابًا وَلَوِ ٱجْتَمَعُوا۟ لَهُۥ ۖ
تم پکارتے ہو سوا اللہ کے (سوا) ہرگز نہیں پیدا کرسکتے ایک مکھی اور اگرچہ وہ جمع ہوجائیں اس کے لئے

وَإِن يَسْلُبْهُمُ ٱلذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ ۚ ضَعُفَ
اور اگر چھین لے ان سے مکھی کوئی چیز نہیں چھڑا سکتے اس کو اس سے کتنا کمزور ہے

ٱلطَّالِبُ وَٱلْمَطْلُوبُ ﴿٧٣﴾ مَا قَدَرُوا۟ ٱللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِۦٓ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ
طلب کرنے والا۔ مدد مانگنے والا اور وہ جس سے مدد مانگی جاتی ہے ۲۲:۷۳ نہیں انہوں نے قدر کی اللہ کی جیسے حق ہے اس کی قدر کا بیشک اللہ تعالیٰ

لَقَوِىٌّ عَزِيزٌ ﴿٧٤﴾ ٱللَّهُ يَصْطَفِى مِنَ ٱلْمَلَٰٓئِكَةِ رُسُلًا
البتہ قوت والا ہے، زبردست ہے ۲۲:۷۴ اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے میں سے فرشتوں پیغمبر

وَمِنَ ٱلنَّاسِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌۢ بَصِيرٌ ﴿٧٥﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
میں سے اور لوگوں بیشک اللہ تعالیٰ سننے والا ہے دیکھنے والا ہے ۲۲:۷۵ جانتا ہے جو ان کے

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۗ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرْجَعُ ٱلْأُمُورُ ﴿٧٦﴾ يَٰٓأَيُّهَا
آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور طرف اللہ کی لوٹائے جائیں گے سب کام ۲۲:۷۶ اے

ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱرْكَعُوا۟ وَٱسْجُدُوا۟ وَٱعْبُدُوا۟ رَبَّكُمْ
لوگو جو ایمان لائے ہو رکوع کرو۔ جھک جاؤ اور سجدہ کرو اور عبادت کرو اپنے رب کی

وَٱفْعَلُوا۟ ٱلْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۩ ﴿٧٧﴾ وَجَٰهِدُوا۟ فِى
اور کرو بھلائی تاکہ تم تم فلاح پاجاؤ ۲۲:۷۷ اور جہاد کرو۔ محنت کرو میں

سجدہ

ٱللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِۦ ۚ هُوَ ٱجْتَبَىٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ
اللہ (کے راستے) جیسا کہ حق ہے اس کے جہاد کا اس نے چن لیا ہے تم کو اور نہیں بنائی تم پر

فِى ٱلدِّينِ مِنْ حَرَجٍ ۚ مِّلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَٰهِيمَ ۚ هُوَ سَمَّىٰكُمُ
میں دین کے معاملے کوئی تنگی طریقہ ہے تمہارے باپ کا ابراہیم کا وہ نام رکھا ہے تمہارا

ٱلْمُسْلِمِينَ مِن قَبْلُ وَفِى هَٰذَا لِيَكُونَ ٱلرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ
مسلمان اس سے پہلے اور اس میں بھی تاکہ ہوں رسول گواہ تم پر

وَتَكُونُوا۟ شُهَدَآءَ عَلَى ٱلنَّاسِ ۚ فَأَقِيمُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُوا۟ ٱلزَّكَوٰةَ
اور تم سب ہوجاؤ گواہ پر لوگوں پس قائم کرو نماز اور دو زکوۃ

وَٱعْتَصِمُوا۟ بِٱللَّهِ هُوَ مَوْلَىٰكُمْ ۖ فَنِعْمَ ٱلْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ ٱلنَّصِيرُ ﴿٧٨﴾
اور مضبوط تھام لو اللہ کو وہی تمہارا مولا ہے پس کتنا اچھا دوست اور کتنا اچھا مددگار ۲۲:۷۸

## ٢٣ سُورَةُ المُؤْمِنُونَ ١١٨



**۷۳.** لوگو! ایک مثال بیان کی جا رہی ہے، ذرا کان لگا کر سن لو! اللہ کے سوا جن جن کو تم پکارتے رہے ہو وہ ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے گو سارے کے سارے ہی جمع ہوجائیں، (۱) بلکہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز لے بھاگے تو یہ تو اسے بھی اس سے چھین نہیں سکتے، بڑا بزدل ہے طلب کرنے والا اور بڑا بزدل ہے (۲) وہ جس سے طلب کیا جا رہا ہے۔

**۷۴.** انہوں نے اللہ کے مرتبہ کے مطابق اس کی قدر جانی ہی نہیں، اللہ تعالیٰ بڑا ہی زور و قوت والا اور غالب و زبردست ہے۔

**۷۵.** فرشتوں میں سے اور انسانوں میں سے پیغام پہنچانے والوں کو اللہ ہی چھانٹ لیتا ہے، بیشک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے

**۷۶.** وہ بخوبی جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے، اور اللہ ہی کی طرف سب کام لوٹائے جاتے ہیں۔

**۷۷.** اے ایمان والو! رکوع سجدہ کرتے رہو اور اپنے پروردگار کی عبادت میں لگے رہو اور نیک کام کرتے رہو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

**۷۸.** اور اللہ کی راہ میں ویسا ہی جہاد کرو جیسے جہاد کا حق ہے، اسی نے تمہیں برگزیدہ بنایا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں ڈالی، دین اپنے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا قائم رکھو اس اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ اس قرآن سے پہلے اور اس میں بھی تاکہ پیغمبر تم پر گواہ ہو جائے اور تم تمام لوگوں کے گواہ بن جاؤ، پس تمہیں چاہیے کہ نمازیں قائم رکھو اور زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو مضبوط تھام لو، وہی تمہارا ولی اور مالک ہے۔ پس کیا ہی اچھا مالک ہے اور کتنا بہتر مددگار ہے۔

سورۃ المؤمنون
مکہ
سورہ نمبر: ۲۳ آیات: ۱۱۸